27

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اکسیری مجربات

ترتیب و پیشکش

حکیم چوہدری طارق حسین

(حجرہ شاہ مقیم)

0300-4821206

کمپوزنگ: حکیم طارق عزیز چوہدری منڈی فیض آباد

0344-666,16,26

27

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حکیم چوہدری طارق حسین حجرہ شاہ مقیم

(0300-4821206)

انجکشن دمہ

شنگرف 10 گرام، فلفل سیاہ 15 گرام، قند سفید 20 گرام۔

تمام ادویہ کی پانچ گھنٹہ رگڑائی کریں۔ مانند غبار سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام ہمراہ چائے۔

فوائد: فوری طور پر انجکشن کی طرح سانس بحال کرتا ہے۔ مستقل طور پر استعمال نہ کروائیں کیونکہ یہ صرف سانس کھولتا ہے۔

برائے دمہ قلبی وصفراوی

روغن زرد (گائے کا گھی) 500 گرام، مرغ دیسی ایک سال سے زائد عمر والا 1 عدد، بیسن 250 گرام، آٹا گندم 250 گرام، سفوف چاکسو 250 گرام، بادام 50 گرام، چہار مغز 50 گرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے مرغ کا گوشت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ لیں۔ کسی بڑے برتن میں گھی ڈالکر اس میں گوشت ڈالدیں اور برتن کا موہنہ آٹے سے بند کر دیں۔ ایک گھنٹہ نرم آنچ پر پکائیں۔ اب گوشت کو علیحدہ کر دیں اور یہ گھی نسخہ میں استعمال

ہوگا۔اس گھی میں پہلے بیسن ڈالیں پھر آٹا گندم ڈالکر بھونیں۔ جب بھن جائے تو باقی ماندہ ادویات کا سفوف ڈالکر بھُون لیں کہ تمام نمی وغیرہ ختم ہوکر آمیزہ براؤن ہوجائے۔ اب اسکو کسی جار میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: **4** چمچ صبح خالی پیٹ ہمراہ دودھ یا پانی دیں۔اس کے تین گھنٹہ بعد تک مریض کو کچھ بھی کھانے یا پینے نہ دیا جائے۔

فوائد: دمہ قلبی اور صفراوی کا بفضلِ خدا کامل علاج ہے۔مجرب المجرب نسخہ ہے۔

بواسیری مسّوں کے لئے

سانپ کی کینچلی کا سفوف بنالیں۔

طریقہ استعمال: کوئلے جلا کر اوپر سفوف کی چٹکی پھینکتے جائیں۔اس سے دھواں اُٹھے گا۔ یہ دُھونی بواسیری مسّوں کو دیں۔روزانہ **10** گرام کی دھونی دیں۔چند دن میں مسّے گِر جائیں گے۔

سفوف کیلشیم

چُونا اَن بُجھا (لائم سٹون) **2** کلوگرام۔

ترکیب تیاری: چونا کا ڈلہ لے کر پانچ کلوگرام پانی میں بھگودیں۔جب اچھی طرح اُبال آجائیں تو پندرہ کلو پانی مزید ڈالدیں۔دن میں دو تین بار کسی ڈنڈے سے ہلا دیا کریں۔روزانہ صبح کو پانی نتھار کر ضائع کردیں اور **20** کلوگرام نیا پانی ڈال دیا کریں۔ اسی طرح سات پانی نتھارلیں۔اب اس چُونے کو دھوپ میں خشک کرلیں۔پھر نہایت باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام۔ایک کیلا کو چھیل کر اس کو چھری سے کٹ لگا ئیں تاکہ اس میں مقرر کردہ دوائی رکھی جا سکے۔اس طرح ایک ایک کیلا دوائی سے تیار کر کے صبح وشام کھانا کھانے کے 20 منٹ بعد کھلائیں۔

فوائد: بواسیر کا خون جتنا بھی آ رہا ہو ایک ہی دن میں بفضلِ خدا رُک جاتا ہے۔خونی بواسیر کا مکمل علاج ہے۔پیٹ میں پانی پڑ جائے تو اس کو بھی ختم کرتا ہے۔

عرق مرکب

شاہترہ 250 گرام، چرائتہ 250 گرام، منڈی بوٹی 250 گرام، عناب 250 گرام، ہلیلہ زنگی 250 گرام، پودینہ 250 گرام، لہسن دیسی 250 گرام، کاسنی 250 گرام، جڑ کاسنی 250 گرام، جڑ سونف 250 گرام، گل سرخ 250 گرام، حنظل 250 گرام، گندھک آملہ سار 250 گرام، نوشاد 250 گرام، بکھڑا 250 گرام، ترپھلہ 750 گرام، برگ نیم 1 کلو، سنا مکی 1 کلو، اجوائین دیسی 1 کلو، زیرہ سفید 1 کلو، دھماسہ 1 کلو، ہلدی 1 کلو، اٹ سٹ 1 کلو، باتھو 1 کلو، مکو 1 کلو، گاؤزبان 1 کلو۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو 60 کلو پانی میں بھگو دیں چوبیس گھنٹے بھیگا رہنے دیں پھر عرق والے پلانٹ میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں اور 40 کلو عرق کشید کر کے آگ بند کر دیں اور کسی برتن میں محفوظ کر لیں آپ کا عرق مرکب تیار ہے۔

استعمال: آدھا کپ صبح وشام خالی پیٹ دیں۔

فوائد: تمام خون کو زہریلے اور فاسد مادوں سے پاک کر کے صاف کر دے گا۔

اٹھرا اور سوزاک مادہ ہیپاٹائیٹس اے، بی سی، بواسیر خونی و بادی، خارش ہمہ قسم، پھوڑے پھنسیاں، سلعات یعنی رسولیاں، گلٹیاں اور گھا نٹھیں جسم میں کہیں بھی ہوں، یورک ایسڈ اور شوگر۔ان تمام امراض میں بے حد رزلٹ کا حامل ہے۔ یہ نسخہ اس کو ان تمام علامات میں استعمال کروایا جا سکتا ہے جس میں کوئی بھی خلط کی زیادتی ہو، اسے خارج کر کے معمول پر لے آتا ہے۔ جگر گردے تلی دل اور خون کی نالیوں کو دھو کر صاف کر دے گا۔ جیسے برتن کو صاف کرتے ہیں یہ بندے کے جسم کو فاسد اجزاء سے بفضلِ خدا صاف کر دے گا۔

شربت گاؤزبان

گاؤزبان **40** گرام، گُل گاؤزبان **40** گرام، گُل سرخ **40** گرام، صندل سفید **20** گرام۔ معروف طریقہ سے ایک کلوگرام شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: چار چمچ شربت پانی میں حل کر کے صبح و شام خالی پیٹ پیئں۔

فوائد: صفراوی سوزش جو جسم پر آجائے یا ٹانگوں پر آجائے اس کو اتارتا ہے۔ خون کی روانی کو ہر حصہ میں پورا کرتا ہے۔

کشتہ بارہ سنگھا شیر مدار والا

بارہ سنگھا **200** گرام، شیر مدار **1** کلوگرام۔

ترکیب تیاری: بارہ سنگھا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک کُوزہ میں ڈالکر اوپر ڈھکن دے کر بیس کلو اوپلوں کی آگ دے دیں۔ ِگل حکمت نہیں کرنا۔ یہ پاؤڈر (پیسک) ہو جائے گا۔ اب اس میں شیر مدار **200** گرام ڈالکر کھرل کریں۔ ٹکیاں بنا کر دھوپ میں خشک کر کے اچھی طرح ِگل حکمت کر کے **15** کلو اوپلوں کی آگ دے

دیں۔اسی طرح شیر مدار میں پانچ عمل مکمل کریں۔بہترین بارہ سنگھا تیار ہے۔ 27
مقدار خوراک: ایک سال سے کم عمر بچوں کو بقدر ایک سے دو چاول، دو سال سے بڑے بچوں کو دو چاول، دس سال سے بڑے بچوں کو تین چاول اور بیس سال سے بڑے بچوں کو بقدر چار چاول صبح وشام شہد میں ملا کر دیں۔بچوں کو شہد آدھا چمچ بلکل چھوٹے بچوں کو ایک چوتھائی چمچ شہد استعمال کروائیں۔
فوائد: اعصابی درد، جوڑوں کا درد، عرق النساء، نمونیا، چائلڈ لیٹ کرائی (بوقت پیدائش بچوں کا دیر تک نہ رونا)، فالج، مرگی جیسے بہت سی امراض میں اکسیری فوائد ہیں۔

کثرتِ حیض

راکھ بوری پٹ سن 20 گرام، پھٹکڑی سفید بریاں 20 گرام، چمڑہ سوختہ راکھ 20 گرام، گیرو 20 گرام، سبز کائی خشک 20 گرام، بجھا ہوا چونا 10 گرام۔
مقدار خوراک: 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔صبح وشام کھانے کے دو گھنٹہ بعد ہمراہ پانی دیں۔
فوائد: کثرتِ حیض اور بواسیر کے خون کو فوری طور پر بند کرتا ہے۔ذخم پر لگائیں تو فوری خون بند کرتا ہے۔

ہونٹ گلابی کرنے کا نسخہ

سب سے پہلے کسی ٹوتھ پیسٹ سے ہونٹ اچھی طرح صاف کریں جیسے دانت صاف کرتے ہیں۔پانچ منٹ تک پیسٹ سے دانت صاف کرنے کے بعد مندرجہ ذیل مرہم لگائیں

چقندر کا پانی 10 گرام، روغن ناریل 10 گرام، گلیسرین 10 گرام تینوں اجزاء کو اچھی طرح باہم ملا لیں۔ ہونٹوں پر لگائیں۔ چند دنوں میں ہونٹ گلابی اور ملائم ہو جائیں گے۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

سانپ کی زہر والا سوئے
بچھو کی زہر والا روئے

آبِ مولی مقام متاثرہ پر لگائیں۔ فوراً تسکین ہوگی۔

دیگر: ست لیموں کو شیر مدار میں ملا کر ڈنگ والی جگہ پر لگائیں (ضماد کریں)۔ زہر کا اثر ختم ہوگا۔

دیگر: نیلا تھوتھا بریاں اور ست لیموں ہموزن ملا کر مقام متاثرہ پر لگائیں اور اوپر ایک قطرہ پانی کا ڈالیں۔ درد ختم ہوگا۔

کھلانے کے لئے

گُودہ تُمہ خشک شدہ چار رتی (500 ملی گرام) پانی سے کھلائیں۔ مجرب ہے۔

روحانی علاج

کوئی شخص جو پانچ وقت کا نمازی ہو، سورۃ یٰسین پڑھ کر دم کرے۔ درد فوری ختم ہو اور زہر بھی۔

سانپ ڈسنا

27

سانپ کے زہر کی تاثیر گرم بھی ہوتی ہے اور سرد بھی۔

اگر گرم زہر والا سانپ کاٹے تو مریض کے مونہہ اور ناک، پیشاب اور پاخانے والی جگہ کے علاوہ مار گزیدہ کے ڈنگ والی جگہ سے خون جاری ہو جاتا ہے۔

اگر سرد زہر والا سانپ کاٹے مقامِ متاثرہ سُن ہو جاتی ہے۔ جسم کا خون منجمد ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ آخر کار خون بند ہو کر جسم سرد ہو کر مریض مر جاتا ہے۔

گرم زہر والے سانپ ڈسنے کا علاج:

نسخہ نمبر 1: زہر مہرہ خطائی 10 گرام، کشتہ سنکھ 10 گرام، روح کیوڑہ 100 گرام۔

زہر مہرہ اور کشتہ سنکھ کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔ ایک گرام دوا مریض کو کھلائیں۔ تین بار روزانہ کھلائیں۔

اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں گھول کر پلائیں۔ مریض کو گھی بھی پلائیں۔

مریض کو پیپل کے پتے 50 گرام گھوٹ کر پانی ملا کر چند بار پلائیں۔

اس علاج سے خون آنا بھی رُک جائے گا اور زہر کا اثر بھی دور ہو گا۔

نسخہ نمبر 2: یہ نسخہ گرم اور سرد دونوں قسم کے زہروں کے لئے ہے۔

سم الفار 10 گرام، دریائی کھوپہ 10 گرام، مٹھا تیلیہ 10 گرام، رتیاں سفید 10 گرام، سنکھ 10 گرام، نوشادر 6 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کُوٹ کر شیر مدار 50 گرام میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ کو گِل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

مقدار خوراک: نصف تا ایک گرام۔ دیسی گھی کے ساتھ کھلائیں۔

گُڑمار بُوٹی بمقدار 10 گرام پانی میں گھوٹ کر پلائیں۔ 27

فوائد: سانپ کا زہر گرم ہو یا سرد دونوں کے لئے مفید ہے۔

نوٹ: سانپ کے کاٹے مریض کو پوست ریٹھا 1 گرام پانی سے دیں۔ اس سے قے کے راستے زہر خارج ہوگا۔

نسخہ نمبر 3: جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو اس جگہ یہ ضماد لگائیں

مور کی بیٹ 50 گرام، ست لیموں 50 گرام۔ دونوں کی رگڑائی کر کے پانی کی مدد سے ضماد تیار کریں۔ ڈسنے کے مقام پر لیپ لگائیں۔ چند منٹ بعد آبلہ پیدا ہوگا۔ اس کو قینچی سے کاٹ کر پھر ضماد لگائیں۔ جب تک آبلہ پیدا ہوتا رہے گا ضماد لگاتے رہیں۔ اس سے سارا زہر خارج ہو جائے گا۔ جب آبلہ پڑنا بند ہو جائے تو مقام متاثرہ پر گھی لگا دیں۔

اس نسخہ کو فی سبیل اللہ دیں۔ گروپ میں سندھ کے بھائیوں نے بار بار پوسٹ لگائی کہ وہ سانپ کے کاٹنے کی وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ اُن بھائیوں کے لئے یہ نسخہ پیشِ خدمت ہے۔ ایک دن سب نے مرجانا ہے۔ نسخہ ساتھ نہیں لے کر جانا۔ شاید کسی کی جان بچ جائے اور قبر میں روشنی کا سبب بن جائے۔

کشتہ سنکھ ہفت آتشہ

27

سنکھ حسبِ ضرورت لیکر پہلی آگ کُھلی آگ دے کر پیسک کر لیں۔

سنکھ پاؤڈر 250 گرام، رسکپور 50 گرام، شیر مدار 250 گرام، آب گاجر بُوٹی 250 گرام، آب دھمانسہ 250 گرام، آب نیم 250 گرام، آب کنوار گندل 250 گرام، آب کرنڈ 250 گرام۔

ترکیب تیاری: سنکھ میں شیر مدار کھرل کریں اور ٹکی بنا کر کوزہ میں گِل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر آب گاجر بُوٹی میں حسبِ سابق آگ دیں۔ اسی طرح بالترتیب آگ دیتے جائیں۔

اب 50 گرام رسکپور جو کہ 100 گرام شیر مدار میں کھرل شدہ ہو، اس سنکھ میں شامل کر کے آخری پانی آبِ کرُنڈ میں کھرل کر کے حسبِ سابق آگ دیں۔

ترکیب استعمال:

(1): ہلدی 20 گرام، ملٹھی 20 گرام، سونف 20 گرام، قسط شیریں 40 گرام، کشتہ سنکھ مذکورہ 10 گرام۔ تمام کا باریک ترین سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام خالی پیٹ پانی سے دیں۔

فوائد: گلہڑ، ٹانسلز، تھائیرائیڈ کا حتمی علاج ہے۔ ٹائیفائیڈ کے جراثیم ختم کرتا ہے۔ انتڑیوں، معدہ کے زخم درست کرتا ہے۔ گُردوں میں پس آنے کو بھی ختم کرتا ہے۔

(2): چوب چینی 30 گرام، ہلدی 30 گرام، کشتہ سنکھ مذکورہ 10 گرام۔ تمام کا باریک سفوف کریں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول صبح وشام پانی کے ساتھ خالی پیٹ۔ 27

فوائد: کانوں سے ریشہ آنا اور دماغی رسولی کو ختم کرتا ہے۔

(3): ہلدی 10 گرام، ملٹھی 10 گرام، سونف 10 گرام، ریوند خطائی 30 گرام، کشتہ سنکھ مذکورہ 10 گرام۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح وشام پانی کے ساتھ خالی پیٹ۔

فوائد: رحم کی رسولیاں، پانی کی تھیلیاں، انفیکشن، سوزش و ورمِ رحم پر لاجواب رزلٹ ہے۔ ساتھ غدی اعصابی ملین رحم کی مریضہ کو دیں۔

(4): ہلدی 20 گرام، لوبان 20 گرام، الائچی خورد 20 گرام، کشتہ سنکھ 10 گرام، روح توتیا 5 گرام۔ تمام کو اچھی طرح ملا لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح وشام خالی پیٹ پانی کے ساتھ۔

فوائد: سیمن سے پَس ختم کر کے سپرم کو ایکٹو کرتا ہے۔

فُل سٹاپ

سندھور 100 گرام، پھٹکڑی سفید 100 گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر کسی ایسے کوزہ میں ِگل حکمت کریں جس میں دو حصہ جگہ خالی رہے۔ تیس (30) کلو کی آگ دیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: جریان، سُرعت انزال، لیکوریا کیلئے مجرب ہے۔

27

دردِ گردہ

کشتہ سنگ یہود 50 گرام، سنگِ سرماہی 50 گرام، جَو کھار 50 گرام، مٹھا سوڈا50 گرام، میگنیشیم سالٹ 50 گرام۔

مقدار خوراک: آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام پانی سے دیں۔

فوائد: درد گردہ اور ریح گردہ میں مجرب ہے۔ چھوٹے سائز کی پتھری بھی خارج کرتی ہے۔

اینٹی الرجک

کالی زیری، گیرو، گندھک آملہ سار، تینوں اجزا ہموزن۔

تمام اجزاء کا فائن سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام والا کیپسول بھرلیں۔ صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: تر خارش، پھوڑے پھنسیاں، جسمانی الرجی اور خارشِ رحم کے لئے بہت مفید ہے۔

مرگی، فالج، لقوہ

☆ کشتہ ہڑتال در میٹھا سوڈا اور رائی والی گولی صبح وشام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔

☆ کشتہ بارہ سنگھا در شیر مدار پانچ آتشہ بمقدار چار چاول (65 ملی گرام) شہد ایک چمچ میں ملا کر ایک بار دیں۔

☆ سر میں گائے کے گھی کی مالش کریں۔

☆ رات کو بیس بادام اور بیس کشمش پانی میں بھگو دیں۔ صبح بادام چھیل کر کشمش کے ہمراہ رگڑ کر مکھن ہموزن ملا کر مریض کو ناشتہ کروائیں۔ (چینی بھی ملا سکتے ہیں)

فوائد: مرگی، مراقی، فالج، لقوہ کے لئے انتہائی کامیاب علاج ہے۔ کشتہ کے نسخہ جات کتاب میں موجود ہیں۔

اینٹی وائرل

دھمانسہ سفوف کپڑ چھان، گُل مدار سفوف۔
دونوں کو ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: دو گولیاں ہمراہ عرق مرکب یا پانی صبح و شام خالی پیٹ۔
فوائد: ہر قسم کے وائرس کو ختم کرتی ہے۔

حبِ اٹھرا

سفوف دھمانسہ کپڑ چھان 100 گرام، زہر مہرہ خطائی صلایہ شُدہ 20 گرام، کشتہ سنکھ 20 گرام۔ تمام دواؤں کا باریک ترین سفوف بنائیں۔ اور نخودی گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی (250 ملی گرام) ہمراہ عرق مرکب یا پانی۔ دو ماہ مسلسل کھلائیں۔
فوائد: اٹھرا کا مکمل خاتمہ کرتی ہے۔ زندگی میں دوبارہ مسئلہ نہیں ہوگا انشاء اللہ۔

27 دردِ اعصاب، پٹھوں کا کھچاؤ

کچلہ مدبر 10 گرام، زعفران 10 گرام، فلفل سیاہ 20 گرام، سورنجاں شیریں 50 گرام، سُنڈھ 50 گرام۔ تمام دواؤں کا فائن سفوف بنائیں۔ گوند ببول کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر، شام دودھ سے دیں۔

فوائد: دردِ اعصاب، کھچاؤ اعصاب کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی اعصاب و باہ ہے۔

اکسیرِ حیات

فولاد 120 گرام، شنگرف 120 گرام، ہڑتال ورقیہ چترالی 60 گرام، خون بکرا خشک 240 گرام، شیر مدار 250 گرام، آب گھیکوار 50x12=3kg گرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے فولاد میں شیر مدار کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ایک من (40 کلو) اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔

اب اس فولاد میں شنگرف 10 گرام، ہڑتال 5 گرام، 20 گرام خون بکرا ملا کر ایک پاؤ آبِ گھیکوار سے کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح 10 گرام شنگرف، 5 گرام ہڑتال، 20 گرام خون ڈالکر گھیکوار کے پانی سے کھرل کرتے جائیں اور 20 کلو اوپلوں کی آگ دیتے جائیں۔ 12 عمل کریں۔ انشاءاللہ اکسیر تیار ہوگی۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام (1 رتی) صبح چٹنی (نغدہ) بادام مکھن والی میں رکھ کر کھلائیں۔

نغدہ بادام: رات کو تیس دانے بادام اور تیس دانے کشمش پانی میں بھگو دیں صبح بادام چھیل کر ہمراہ کسمش رگڑیں۔ جب بالکل باریک ہو جائیں تو ان کے ہموزن مکھن تازہ ملائیں، حسب ذائقہ چینی بھی ملا سکتے ہیں۔

فوائد: بے حد صالح خون پیدا کرتی ہے۔ چہرے کو لال گلابی رنگت میں لے آئے گی۔ دُبلے اور کمزور جسم کو طاقتور بناتی ہے۔ کیلشیم، پوٹاشیم، فولاد کی کمی کو جسم میں پورا کرتی ہے۔ اگر کسی مرد یا عورت کو کمی خون کا مسئلہ ہے تو تیس دن میں HB پوری ہو جائے گی۔

نوٹ: خون بکرا قصائی سے لے لیں۔ جب بکرا ذبح کرتا ہے تو گردن سے نکلنے والا خون استعمال میں لانا ہے۔

کشتہ فولاد سُرخ غیر آتشی

ہیرا کسیس تازہ 1 کلو، میٹھا سوڈا 1 کلو، نوشادر ٹھیکری آدھا کلو۔

ترکیب تیاری: تینوں اشیاء کو باریک پیس کر کسی پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر اوپر چار کلو پانی ڈالدیں۔ اس سے ابال آئیں گے۔ جب اُبال کا عمل مکمل ہو جائے تو 10 کلو مانی مزید ڈال کر اچھی طرح ہلائیں اور اگلے دن نتھار لیں۔ نتھار کر اس میں مزید 10 کلو پانی ڈال کر ہلا دیں اور اگلے دن پھر حسبِ سابق نتھار دیں۔ اس طرح سات (7) دن میں سات پانی نتھار لیں۔ سبز رنگ میں نیچے گان (رسوب، مواد) ملے گا اس کو دھوپ میں پھیلا دیں۔ جیسے جیسے خشک ہو گا لال فولاد تیار ہو گا۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام (1 رتی) صبح خالی پیٹ دہی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: ضعفِ جگر کے لئے مفید ہے، صالح خون پیدا کرتا ہے۔

شربت اکسیرِ جگر (بارد)

27

گاؤزبان 40 گرام، تنا یا برگِ اونٹ کٹارا 80 گرام، کاسنی 40 گرام، جڑ سونف 40 گرام، ثنا مکی 80 گرام، ترپھلہ 80 گرام، زیرہ سفید 20 گرام، صندل سفید 10 گرام، چینی 2 کلوگرام۔

ترکیب تیاری: معروف طریقہ سے شربت 2 کلو تیار کریں۔

مقدار خوراک: 4 چمچ صبح و شام پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: غیر طبعی صفرا کا اخراج کرتا ہے، تحریک جگر کو اعتدال پر لاتا ہے۔ جگر کو فاسد اجزاء سے پاک کرتا ہے۔

لیکوریا سٹاپ

مازو بغیر سوراخ 50 گرام، مائیں 50 گرام، نسپال 50 گرام، پھٹکڑی بریاں 50 گرام، گُل دھاوا 50 گرام، سنگ جراح 30 گرام، رال سفید 30 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا سفوف کرلیں۔ ہزار ملی گرام والے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ہزار ملی گرام (1 گرام) صبح و شام نہار مونہہ ہمراہ شربت انجبار یا دودھ دیں۔

فوائد: لیکوریا اور اس سے پیدا شدہ تمام عوارض پر الحمد اللہ بارہا کا مجرّب ہے۔ کافی عرصہ سے معمولِ مطب ہے۔ بہترین نتائج۔

27 کیپسول L.S (برائے لیکوریا)

کشتہ سندور پھٹکڑی والا 50 گرام، مازو 50 گرام، مائیں 50 گرام، نسپال 50 گرام، گُل دھاوا 50 گرام، کشتہ سنگِ جراح دہی والا 50 گرام، رال سفید انڈے (egg) والی 50 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے ہزار ملی گرام والا کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: 1 گرام صبح و شام ہمراہ پانی خالی پیٹ دیں۔

فوائد: لیکوریا کچھ خوراکوں سے ہی بند ہو جائے گا۔ لیکن 21 دن ضرور کھلائیں۔

رال انڈے والی

رال سفید 30 گرام کو سفوف کر لیں۔ چھ انڈوں کی سفیدی ڈالکر ملا لیں اور دھوپ میں خشک کر لیں۔ دوبارہ پیس کر رکھ لیں۔

سنگ جراح دہی والا

سنگ جراح 50 گرام، 100 گرام دہی ڈالکر ملا لیں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے

یہ اکیلا کشتہ لیکوریا، جریان، سرعت انزال پر بھی کام کرتا ہے۔

کشتہ سندور پھٹکڑی والا

پھٹکڑی سفید اور سندور ہموزن کسی کوزہ گلی میں بند کر کے 30 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

کشتہ ہڑتال درمیٹھا سوڈا 27

ہڑتال ورقیہ چترالی عمدہ ڈلی 10 گرام، مٹھا سوڈا 500 گرام، رائی سرخ باریک انڈیا والی 50 گرام۔

کسی کڑاہی، کوزہ یا روغنی ہانڈی میں نصف مقدار میٹھا سوڈا ڈالیں۔ اوپر ہڑتال کی ڈلی رکھ دیں۔ پھر باقی میٹھا سوڈا اوپر ڈالدیں۔ ہلکا سا دبا دیں۔ اوپر ڈھکن رکھ دیں۔ اب اس کو 8 گھنٹے ہلکی آگ پر پکائیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ یاقوتی رنگ کی برآمد ہوگی۔ اس ہڑتال کو سات گھنٹے کھرل کریں۔ اب رائی سرخ باریک (انڈیا والی) کا سفوف بمقدار 50 گرام ملا کر تین گھنٹے کھرل کر کے پانی کی مدد سے نخودی و فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک نخودی گولی صبح و شام ہمرا دودھ کھانے کے بعد۔ بچوں کو چھوٹی گولی دیں۔ پانچ سال سے دس سال والے بچوں کو دو چھوٹی گولیاں دیں۔ (گرم تر مزاجاً)

فوائد: بفضلِ خدا 21 دن میں نگاہ اپنی اصل حالت پر آجائے گی۔ اس کے علاوہ دماغ کا سُن ہونا، یاداشت کے موقوف ہونے، فالج، اعضائے بدنی کا سُن ہونا، دل کے والو بند ہونا کے لئے بھی بے حد موثر ہے۔ نیند بھی بہت بہتر ہو جاتی ہے اور قوت باہ پر بھی بہت اچھے اثرات ہیں۔

عورت کی فلوپئین ٹیوبز کو طاقت دینے، انڈوں کو میچور کرنے اور نئے انڈے بنانے کیلئے

مغز بادام 50 گرام، مغز کاجو 50 گرام، مغز پستہ 50 گرام، گُودا کھجور 200 گرام، موتی (مروارید) صلایہ درعرقِ گلاب 10 گرام، زعفران 10 گرام۔

تمام اشیاء کو باریک پیس کر شہد حسبِ ضرورت سے لبوب کی صورت بنالیں۔

مقدار خوراک: دو چمچ رات کو ہمراہ نیمگرم دودھ دیں۔

برائے یوٹرس میں پانی کی تھیلیاں

غدی اعصابی ملین بمقدار ہزار ملی گرام صبح وشام قبل از طعام یک ساعت اور اکسیر ورمی بمقدار ہزار ملی گرام کیپسول صبح وشام بعداز طعام یک ساعت دیں۔

غذائیں: کدو، ٹینڈے، گھیاتوری، شلجم، گاجر دیسی گھی میں پکا کر کھلائیں۔

اکسیر ورمی

ہلدی، ملٹھی، سونف تینوں اجزاء ہموزن مسفوف شدہ باہم ملالیں۔ اس میں سے اب 50 گرام سفوف لیں۔ اس میں ریوند خطائی 30 گرام، کشتہ سنکھ ہفت آتشہ 15 گرام ملالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام (ہزار ملی گرام کیپسول)

27

غدی اعصابی ملین

ثنا مکی 80 گرام (صرف پتے)، ریوند چینی 50 گرام، نوشادر ٹھیکری 30 گرام، فلفل سیاہ 20 گرام۔ تمام کا عمدہ سفوف مانند غبار بنالیں۔

تمام گلینڈز کا کامیاب علاج رزلٹ کے ساتھ

1۔ ہلدی، ملٹھی، سونف (سوسی) 50 گرام، پھل کنڈیاری 50 گرام۔

تمام ادویہ کا سفوف کرلیں۔ ہزار ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام خالی پیٹ ہمراہ پانی۔

2۔ قسط شیریں 40 گرام، ریوند خطائی 40 گرام، کشتہ سنکھ ہفت آتشہ 20 گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر ہزار ملی گرام کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام خالی پیٹ ہمراہ پانی۔

دونوں کیپسول اکٹھے شروع کروائیں۔

برائے ہچکی مجرب

مازو بغیر سوراخ 50 گرام، گلوکوز D۔ دونوں اجزاء ہموزن

مقدار خوراک: آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام دودھ کے ساتھ۔

فوائد: بفضلِ خدا پہلی یا دوسری خوراک سے ہچکی رُک جاتی ہے۔

گلٹیاں ہمہ قسم، رسولیاں، پانی کی تھیلیاں، وائرس ہمہ قسم 27، HCV,Hiv، کینسر، پھوڑے، پھنسیاں

ہلدی، دھمانسہ کپڑ چھان، چوب چینی ہر ایک 50 گرام، کشتہ سنکھ ہفت آتشہ 20 گرام، اکسیر امیر رس 1 گرام۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام ہمراہ عرق مرکب صبح وشام خالی پیٹ دیں۔

اکسیر امیر رس

سم الفار، رسکپور، دار چکنہ، ہڑتال ورقیہ ہر جُز ہموزن۔

تمام ادویہ ہموزن لیکر آبِ لیموں میں کھرل کر کے جوہر اُڑائیں۔ تین آتشہ جوہر ہونا چاہئیے۔

عرق مرکب اور کشتہ سنکھ کا نسخہ پہلے تحریر ہو چکا ہے۔

جوڑ بار بار ہِل جانے اور نکل جانے کا علاج

نسخہ نمبر 1: رال سفید 50 گرام، دیسی انڈوں کی سفیدی 10 عدد۔

ترکیب تیاری: رال کو پیس کر سفیدی ملا کر دھوپ میں رکھ دیں۔ جب خشک ہو جائے تو دوبارہ پیس کر سفوف بنا کر یا نخودی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ روزانہ ایک بار دیں۔

فوائد: جوڑ کے بار بار ہل جانے، ٹوٹی ہوئی ہڈی کو ویلڈ کرتا ہے۔ ہڈیوں کے گودہ کو کم ہونے کو روکتا ہے۔ مہروں کے علاج میں بھی موثر ہے۔

نسخہ نمبر 2: رال سفید 50 گرام، گوند ببول 50 گرام۔ دونوں کو سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام دودھ کے ساتھ دیں۔

فوائد: جوڑوں کا بار بار نکل جانا ختم کرتا ہے۔ ٹوٹی ہڈی کو جوڑتا ہے۔ مہروں کے درد میں مفید ہے۔

برائے برص مجرب نسخہ

املتاس کی ٹہنیوں کی راکھ 3 کلو، ہڑتال ورقیہ 50 گرام، چاکسو 250 گرام، تخم پنواڑ 250 گرام، تخم باپچی 250 گرام۔

ترکیب تیاری: املتاس کی ٹہنیوں کی راکھ بنالیں۔ اب آدھی راکھ کسی روغنی کوزہ گلی میں ڈالکر اوپر ہڑتال ورقیہ رکھ دیں۔ باقی ماندہ راکھ اوپر ڈالکر ہلکا سا دبائیں۔ اب اوپر ڈھکن دے کر مٹی سے مونہہ بند کردیں۔ خشک ہونے پر چولہے پر رکھیں اور بارہ گھنٹے ہلکی آنچ پر پکائیں۔

ٹھنڈا ہونے پر ہڑتال نکال کر 5 سے 7 گھنٹے کھرل کریں۔ اب باقی دواؤں کے 750 گرام فائن سفوف میں یہ ہڑتال ملالیں۔ 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح وشام قبل از طعام یا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ کھلائیں۔ تمام بارد اشیاء بند کردیں۔ ہر سفید چیز کھانے میں بند کردیں حتیٰ کہ سفید لباس بھی نہ پہنیں۔ مریض کو گرم خشک غذائیں دیں۔

فوائد: برص کا حتمی علاج ہے۔

27

یورک ایسڈ

سنڈھ 50 گرام، سورنجاں 50 گرام، سوڈا میٹھا 100 گرام۔
مقدار: ایک گرام تین بار روزانہ خالی پیٹ پانی کے ساتھ۔

الرجی، خارش کا مجرب نسخہ (بیرونی استعمال)

منشل 10 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام، کافور 10 گرام، بابچی 10 گرام، تیل سرسوں 250 گرام۔
ترکیب تیاری: تمام اشیاء کا فائن سفوف بنا کر تیل میں ملا لیں۔ رات کو لگائیں صبح نہا لیں۔ خارش ختم کر دے گا انشاءاللہ۔

بالچر

نوشادر پاؤڈر 2 گرام، انڈے کی زردی 1 عدد۔ دونوں کو ملا کر بالچر والی جگہ پر لگائیں۔
فوائد: دس دن کے استعمال سے بالچر کا خاتمہ ہوتا ہے۔ ساتھ تیس عدد مغز بادام دیسی روزانہ کھلائیں۔ اکیلے بادام ہی روزانہ کھانے سے چہرے کے فالتو بال ختم ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ سر کی خشکی بھی ختم ہوتی ہے۔ بال بھی لمبے ہوتے ہیں۔ بادام کی گریاں 30 سے کم ہرگز نہ ہوں۔

27

روغن رُوح جیون

سم الفار سفید 10 گرام، شنگرف 50 گرام، رتن جوت 50 گرام، اونٹ کٹارا کی جڑ 100 گرام، دودھ بھینس 10 کلو۔

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کا باریک سفوف بنا کر الگ الگ پوٹلیاں بنالیں۔ اب دودھ کو کسی برتن میں آگ پر چڑھا دیں اور پوٹلیاں اس کے اندر لٹکا دیں کہ نیچے برتن کے پیندے میں نہ لگیں۔ درمیانی آگ پر 8 گھنٹے پکائیں۔ اگر دودھ کی مقدار دورانِ آگ کم ہو جائے تو پانی ڈالا جا سکتا ہے۔ آخر پر 6 کلو دودھ بچنا چاہیئے۔

اب دودھ کو اتار کر پوٹلیاں نکال کر پھینک دیں۔ اور دودھ کو ضامن لگا کر دہی بنائیں۔۔ اگلی صبح دہی کو رڑک کر حسبِ دستور مکھن حاصل کریں۔ اب اس مکھن سے گھی نکالیں۔ گھی کو کسی شیشے کے جار میں محفوظ کرلیں۔ روح جیون روغن تیار ہے۔

مقدار خوراک: مریض کو کسی ڈراپر میں بھر کر دیں۔ تین سے پانچ قطرے کسی کیپسول میں ڈالکر کھلائیں۔ روزانہ صرف ایک بار دودھ کے ساتھ۔

فوائد: پٹھوں میں خواہ کتنی ہی درد کیوں نہ ہو، کھچاؤ، اکڑاؤ ہو، رات کو دوا دیں، صبح تک ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بہت ہی لاجواب اور مجرب نسخہ ہے۔ چند دن میں رنگ بھی سرخ کر دیتا ہے۔ 2 ہفتہ تک کھلا کر ایک ہفتہ ناغہ کر کے مزید دو ہفتہ کھلایا جا سکتا ہے۔

برائے اولادِ نرینہ

نمبر 1: تخم شونگی گرد و غبار سے صاف کر کے سفوف کر لیں۔ 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ جب حمل چار ہفتہ کا ہو جائے یا پہلی ماہواری بند ہو جائے اور حمل

پازیٹو آجائے تو یہ دوا شروع کروا دیں۔

27 مسلسل

مقدار خوراک: ایک کیپسول روزانہ ایک بار خالی پیٹ صبح ہمراہ دودھ۔ دو ماہ استعمال کروائیں۔

نمبر 2: مور پنکھ ٹکی 3 عدد، لونگ 15 عدد، گُڑ پرانا حسبِ ضرورت۔ مور پنکھ اور لونگ اچھی طرح باریک پیس کر گُڑ کی مدد سے پانچ گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ خالی پیٹ دودھ سے دیں۔ جب حمل چالیس دن کا ہو جائے تو پانچ دن یہ دوا دیں۔ دو چار دن آگے پیچھے ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں۔ دوائی دیں بارہا کی مجرب ہے بفضلِ خدا۔

عورت کے تمام ہارمونز کو بیلنس کرنے، ہمہ قسم TSH, FSH کیلئے نسخہ

ہلدی، ملٹھی، سونف تینوں کا ہموزن سفوف کر کے 50 گرام سفوف سوسی لیں، قسط شیریں 50 گرام، کشتہ سنکھ 20 گرام۔

مقدار خوراک: ایک گرام۔ صبح و شام خالی پیٹ دیں۔

بواسیر ہمہ قسم

گوگل مصفی 30 گرام، تخم نیم 30 گرام، چھلکا ریٹھا 30 گرام، رسونت 10 گرام، جوہر رسکپور 4 گرام۔

تمام ادویات کا فائن سفوف بنالیں اور نخودی گولیاں (250 ملی گرام) بنالیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام ہمراہ پانی صبح و شام کھانے کے بعد دو ماہ تک دیں۔ قابض اور تلی ہوئی اشیاء بند کروادیں۔ غذا ہلکی اور زود ہضم دیں۔ رات کو سوتے وقت کسٹر آئیل ایک چمچ ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: بواسیر خونی و موہکوں والی کا مکمل علاج ہے۔

ہیپاٹائٹس بی، سی

شیر گائے 4 کلو گرام، پھٹکڑی سفید 10 گرام۔

ترکیب تیاری: پھٹکڑی کو دودھ میں ڈالکر چولہے پر چڑھادیں۔ جب اُبال آجائے تو آنچ ہلکی کر دیں۔ 40 منٹ تک پکائیں۔ دودھ پُھٹ اور پانی علیحدہ ہو جائے گا۔ جب دو کلو پانی رہ جائے تو نیچے اتار کر پُن لیں۔ یہ حاصل شدہ پانی بطورِ دوا استعمال ہوگا۔

مقدار خوراک: آدھا کپ صبح و شام خالی پیٹ دیں۔ 15 دن استعمال کرنے سے PCR رپورٹ بفضلِ خدا کلیئر آئے گی انشاءاللہ۔

ہیپاٹائٹس بی، سی

عرق دھمانسہ سہ آتشہ ایک بوتل، عرق ہلدی سہ آتشہ ایک بوتل، پھٹکڑی بریاں سفید 250 گرام، گُل مدار 500 گرام (آدھا کلو)۔

ترکیب تیاری: پھٹکڑی بریاں شُدہ ایک پاؤ وزن لیں۔ اس میں دونوں عرق بذریعہ کھرل جذب کروائیں۔ اب گُل مدار آدھا کلو غبار کی طرح سفوف شدہ اور یہ پھٹکڑی باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول صبح وشام خالی پیٹ پانی یا عرق مرکب کے ساتھ دیں۔ ہیپاٹائٹس کو PCR میں کلیئر کر دیتا ہے بفضلِ خدا۔

ایچ پائیلوری، السرِ معدہ، سوزشِ معدہ وامعاء تصدیقی دوا

شیر شُتر 6 کلوگرام، شیشہ نمک 60 گرام، ہلدی ثابت کپڑ چھان 60 گرام، تج قلمی کپڑ چھان 70 گرام، دانہ الائچی پاؤڈر 10 گرام، زعفران پاؤڈر 10 گرام۔ الائچی کلاں 30 گرام کا جوشاندہ تیار کریں کہ 250 گرام پانی میں اُبالیں جب نصف پانی رہ جائے تو پُن چھان لیں۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے دودھ کو کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور شیشہ نمک کپڑ چھان شُدہ اس دودھ میں ڈالدیں۔ جب تین چار اُبال آجائیں تو ہلدی ڈال دیں۔ آگ نرم ہو اور ہلاتے رہیں۔ جب دودھ آدھا رہ جائے تو دانہ الائچی خورد اور زعفران ڈالدیں۔ مسلسل ہلاتے رہیں۔ پھر جوشاندہ الائچی کلاں ڈالکر آگ مزید نرم کر کے لگاتار ہلاتے رہیں۔ اس کا کھویا تیار کریں۔ مگر خیال رہے کہ کھویا جلنے نہ پائے۔ نہایت نرم آنچ پر عمل سرانجام پائے۔ جب کھویا تیار ہو جائے تو اس کو دھوپ میں اچھی طرح خشک کر لیں اور پھر دوبارہ دوائی کو باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام خالی پیٹ پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: ایچ پائلوری، السرِ معدہ، کینسرِ معدہ، تیزابیتِ معدہ وامعاء، دردِ وسوزشِ معدہ جادو اثر دوا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ 27

حکیم عبدالرحمٰن بٹ صاحب

0331-7775748

اکسیر شوگر

قرنفل 70 گرام، مرکری مصفیٰ 10 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام، شنگرف 10 گرام، مالکنگنی 30 گرام، اجوائن دیسی 20 گرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے گندھک اور پارہ کی کجلی تیار کریں (72 گھنٹے کھرل کریں)۔اب شنگرف کو 7 گھنٹہ کھرل کر کے شامل کریں اور مزید 3 گھنٹہ کھرل کریں۔پھر باقی ادویات کا سفوف شامل کریں۔500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

طریقہ استعمال: جو مریض 40 پوائنٹس انسولین روزانہ لگا تا ہو اس کو 2 کیپسول صبح اور 2 کیپسول رات کو دیں۔جو مریض 20 پوائنٹس انسولین روزانہ لگا تا ہو اس کو رات کو 2 کیپسول دیں۔جو مریض 10 پوائنٹس روزانہ انسولین لگا تا ہو اس کو 1 کیپسول صبح اور 1 کیپسول رات کو دیں۔ ایک ہفتہ دوائی کے بعد چوتھا حصہ انسولین کم کرتے جائیں۔اسی طرح چار ہفتوں کے بعد انسولین ایک چوتھائی ہر ہفتہ کم کرتے کرتے بند کر دیں۔اب دوائی ایک مزید کھلا دیں۔ پھر دوا چھڑوا دیں۔دورانِ علاج مریض کو ہدایت کریں کہ چینی اور چینی کی بنی اشیاء نہ کھائے۔صرف گڑ استعمال کرے۔شوگر نہیں

27

بڑھے گی۔ایک دن ناغہ سے گنے کا رس پینا ہے۔

یہ دوا انسولین چھڑوا دیتی ہے اور شوگر کو اپنے لیول پر لے آتی ہے۔جس تحریک کی شوگر میں بھی مریض انسولین استعمال کر رہا ہے بفضلِ خدا انسولین چُھوٹ جائے گی۔

نوٹ:اگر مریض کے لیپڈ ز بڑھے ہوئے ہیں یا بلڈ پریشر بڑھا ہوا ہے پہلے ان کا علاج شروع کیا جائے۔مریض کو یہ دوا لیپڈ ز کے ٹھیک ہونے تک استعمال نہ کروائیں۔پہلے لیپڈ ز پروفائل کو درست کریں۔یا اس دوا کے ساتھ لیپڈ ز کی درستی کی ادویات بھی استعمال کروائیں۔لیپڈ ز درست ہو جائیں تو اس دوا کے استعمال سے شوگر بھی نارمل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔لیپڈ ز درست کرنے کے بعد یہ دوا ہر تحریک کی شوگر میں انسولین چھڑوا دیتی ہے۔

عرقِ مہزل

گُل گلاب 1 کلو،زیرہ سفید 1 کلو،ثُمہ 1 کلو۔

ترکیب تیاری:تمام ادویات کو کوفتہ بیختہ کر کے 16 کلوگرام پانی میں ڈالیں اور حسبِ دستور 10 کلوگرام عرق کشید کریں۔جو نیچے رُب بچے گا اُس کی نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک:آدھا کپ عرق اور ایک گولی صبح و شام خالی پیٹ دیں۔

فوائد:بہت تیزی سے موٹاپا کم کرتا ہے۔بہت یہ شاندار رزلٹ ہیں۔

سفوف برائے بواسیر حتمی

پھل بکائن حسبِ ضرورت۔

ترکیب تیاری:پھل بکائن کو لسی میں بھگو دیں۔جب وہ نرم ہو جائیں تو نکال کر کسی برتن

میں ڈالکر مسل لیں کہ گُودا علیحدہ کرلیں۔ گُٹھلی پھینک دیں گُودا کو کام میں لائیں۔ اس گودا کو دھوپ میں خشک کر کے نہایت باریک سفوف بنالیں۔

اب یہ مسفوف شُدہ گُودا بکائن 100 گرام، مشک کافور 1 گرام۔ دونوں کو اچھی طرح ملالیں۔

مقدار خوراک: دو گرام صبح وشام پانی سے کھلائیں۔ پندرہ دن کا استعمال کافی ہوگا۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی بفضلِ خدا پندرہ دن میں ختم ہوگی اور دوبارہ نہیں ہوگی۔

کثرتِ حیض

تخمِ سریالہ کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: 3 تا 4 گرام سفوف فی خوراک صبح، دوپہر، شام دیں۔

فوائد: پہلی سے دوسری، حد تیسری خوراک سے بفضلِ خدا آرام ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

پروفیسر حکیم محمد رمضان صاحب جڑانوالا 27

0306-3334892

دیسی اوپیپرازول

نمک سیاہ 250 گرام، فلفل سیاہ 250 گرام، سوڈا بائیکارب 250 گرام، گُل مدار 175 گرام، ست پودینہ 10 گرام۔

تمام ادویات کا فائن سفوف کر کے 500 ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی نیمگرم۔

فوائد: معدہ کی جلن، درد، سوزش کیلئے بیحد مفید ہے۔ جو تیزابیت کسی دوا سے نہ جاتی ہو وہ اس دوا کے استعمال سے مستقل چلی جاتی ہے۔ انتہائی مجرب دوا ہے۔

جوشاندہ دمہ

برگ بانسہ 10 گرام، ملٹھی 6 گرام، کلونجی 6 گرام، سوم کلپا 6 گرام، زوفہ خشک 6 گرام، پرسیاؤشیاں 10 گرام، انجیر 2 عدد، مویز منقیٰ 7 عدد، عناب 7 عدد۔

ترکیب تیاری و مقدار خوراک: تمام ادویات کو کوفتہ بیختہ کرلیں۔ رات کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں صبح ابالیں کہ پانی آدھا رہ جائے۔ اس کے تین حصے کرلیں۔ صبح، دوپہر، شام نیمگرم کر کے پیئیں۔ یہ ایک دن کی دوائی کا وزن ہے۔ اسی ترکیب اور ترتیب سے ڈیڑھ ماہ (45 دن) استعمال کریں۔

فوائد: عضلاتی دمہ، بلغمی دمہ کا مجرب ترین علاج ہے۔ سانس اور ناک کی الرجی کا مستقل حل ہے بفضلِ خدا۔

سفوفِ ہاضم

انیسوں 72 گرام، زنجبیل 36 گرام، دانہ الائچی کلاں 36 گرام، تخم کاسنی 36 گرام، گُل سرخ (ڈنڈی دور کردہ) 36 گرام، دارچینی 36 گرام، ریوند خطائی 60 گرام۔ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام نیمگرم پانی کے ساتھ۔

فوائد: دردِ معدہ، سینے کی جلن، سوزشِ معدہ کیلئے بے حد مفید دوا ہے۔

مصفیٰ خون

برگِ نیم 100 گرام، ثنا مکی 50 گرام، گُل سرخ 75 گرام، عناب 25 عدد۔

ترکیب تیاری: سفوف کرلیں اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح وشام ہمراہ عرق مصفیٰ یا پانی۔

فوائد: داغ دھبے، پھوڑے پھنسیاں، کیل مہاسوں کیلئے نہایت مفید دوا ہے۔

اکسیر زرد

ہڑتال ورقیہ 10 گرام، گندھک آملہ سار 100 گرام۔

دونوں کو رگڑائی کر کے مثل غبار کرلیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام سے 500 ملی گرام تک ہمراہ تازہ پانی یا عرق مصفیٰ۔

فوائد: تمام عضلاتی وصفراوی اور تسکینِ جگر کے مریضوں کے لئے مفید ہے چنبل، دھدر، سورائسز، پھوڑے، پھنسیاں، داغ دھبے، خارش و دانے اور جلدی امراض میں مفید ہے۔انتہائی مصفی خون دوا ہے۔

ہیضہ، اُلٹی و پیچش

فلفل سُرخ 50 گرام، تج 50 گرام، لونگ 30 گرام، دارچینی 30 گرام، ہینگ اصل 30 گرام، اذراقی مدبر 20 گرام، رائی 20 گرام لہسن مقشر 100 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کا سفوف کر کے ایک دن چھاؤں میں اور پھر دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام دوا ہر تین گھنٹے بعد دیں۔اگر ہیضہ کا مریض سیریس حالت میں ہو تو ہر پندرہ منٹ بعد دوا دہرائی جاسکتی ہے۔نیمگرم پانی سے استعمال کروائیں۔

فوائد: ہیضہ کا مریض تین خوراکوں سے اُٹھ کھڑا ہوتا ہے۔اُلٹی اور پیچش کو بھی ختم کرتی ہے۔

سفوف برائے نقرس

کلونجی، اجوائن دیسی، رائی، تخم میتھی، ہالوں، مغز پنبہ دانہ، تمام دوائیں ہموزن لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سفوف تین بار روزانہ ہمراہ نیمگرم پانی دیں۔

فوائد: حرارت غریزیہ بدن کو قائم رکھتی ہے۔جوڑوں اور کمر کے درد میں بے حد مفید دوا ہے۔شوگر معدی پر بھی بہت اعلیٰ کام کرنے والی دوا ہے۔

مقوی گردہ، ڈائیلسز سے بچنے، بلڈ یوریا، کریٹینین ختم کرنے کے لئے

آملہ مقشر، ہلدی ہر دو اجزاء ہموزن۔
مقدار خوراک: آدھا چمچ صبح، دوپہر، شام دیں۔

☆☆☆☆حکیم جمیل احمد پیر سباقی صاحب کا تجربہ☆☆☆☆

حکیم رمضان انجم صاحب نے یہ نسخہ پیش کیا تھا۔ گُردے کی طاقت اور ڈائیلسز سے بچنے کے لئے، بلڈ یوریا اور کریٹینن زیادہ بڑھنے کے لئے۔ تو میں نے اس کو ہزار ملی گرام کیپسول میں بھر کر ایک مریض جو کہ ایڈوکیٹ تھا اس کو استعمال کروایا۔ جس کو تین چار ماہ سے بلڈ یوریا اور کریٹینن کا مسئلہ تھا۔ ایلو پیتھک علاج کروا کروا کر تنگ آ چکا تھا۔ تو میں نے یہ نسخہ ایک ماہ استعمال کروایا۔ تین دن پہلے مریض نے فون پر بتایا کہ ٹیسٹ کروا کر ڈاکٹر کو دکھایا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ گُردے نارمل ہیں دوا لینے کی ضرورت نہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم میاں علی فیصل جڑانوالہ

0300-5241102

قوی امساک کے لئے بہترین

سم الفار اچھی کوالٹی کا 10 گرام، نمک پھٹکنڈا میں 9 گھنٹہ پکائیں۔ اس کے بعد کسی اچھے کھرل میں ڈالکر 6 گھنٹے خوب کھرل کریں۔

اب تریاق خالص کے ہمراہ ایک لٹر دیسی شراب سے کھرل کریں اور معروف طریقہ سے جوہر اُڑائیں۔ تین عمل مکمل کریں۔

فوائد: دائمی سرعت انزال کے مریض کو پہلی ہی خوراک اٹھا دیتی ہے۔ الحمداللہ دیرپا اور دائمی علاج ہے۔

اکسیر نسخہ خاص شنگرف، سم الفار

شنگرف 12 گرام، سم الفار کانی 6 گرام، نیلا 6 گرام۔

(1): شنگرف کو دیسی لیموں کے عرق (پانی) 250 گرام سے کھرل کریں اور گولی بنالیں۔

(2): سم الفار 6 گرام کی ڈلی کو روغن ارنڈ 100 ml میں بذریعہ بالو جنتر پکائیں۔ جب مومیا ہو جائے تو محفوظ رکھیں۔

(3): قشرِ ریٹھا 125 گرام، شیر مدار 125 گرام کی مدد سے ملائم نغدہ تیار

کریں۔اس نغدہ کے درمیان نیلا رکھ کر کسی روغنی کوزہ گلی میں مضبوط گل حکمت کر کے 4 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال لیں۔

(4): اب مومیا سم الفار اور تیار شُدہ نیلا کو 4 گھنٹہ کھرل کریں۔جب لئی سی بن جائے تو اس کو شنگرف پر چڑھا دیں۔دو دن خشک ہونے کے لئے رکھ دیں۔

جب خشک ہو جائے تو ثمر جوز ماثل اندر سے خالی کر کے اس میں شنگرف کی ڈلی رکھ کر آٹا ماش کی مدد سے خوب اچھی طرح بند کر دیں۔ڈیڑھ کلو چُورا کی آگ دیں۔اسی طرح دس عمل کریں۔مطلب 10 عدد ثمر جوز ماثل سے گزارنا ہے۔آپ کی اکسیر تیار ہے۔

مقدار خوراک: آدھا چاول سے ایک چاول ہمراہ 60 گرام مکھن اور کثرت سے دودھ پلائیں کیونکہ اس سے انتہا کی خشکی پیدا ہوتی ہے۔پانچ گھنٹہ تک پانی نہ پیئیں۔صرف دودھ۔5 سے 10 خوراکیں کافی ہیں۔

فوائد: خاص طور پر شوگر کی وجہ سے نامردی، انتشار میں کمی، سُرعت انزال، ضعفِ باہ کے لئے اکسیر ہے۔جو لوگ ادویات کھا کھا کر تنگ آ چکے ہوں اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہ ہوگا۔

وزن ایک ماہ میں 8 تا 10 کلو کم

اجوائن، سونف، پودینہ، نوشادر، قلمی شورہ ہر ایک 50 گرام، تازہ تُمہ بغیر بیج کے 250 گرام، ترپھلہ 250 گرام، گُودہ گھیکوار 250 گرام، تازہ لیمن 250 گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو موٹا موٹا کُوٹ کر کسی برتن میں ڈالیں اور 2 کلو پانی ڈالکر تین دن

پڑا رہنے دیں۔ روزانہ تین بار ہلاتے رہیں۔ چوتھے دن نرم آنچ پر پانی خشک کریں۔ 27
دوا کو نہایت باریک پیس کر کام میں لائیں۔
مقدار خوراک: ایک چائے کا چمچ ناشتہ کے بعد ہمراہ عرق سونف اور عرق اجوائن۔
فوائد: ایک ماہ میں 6 کلو سے زائد وزن کو کم کرنے والی دوا ہے۔

کشتہ فولاد اکسیری (نان میگنٹ)

☆☆☆ جڑی بوٹی والا نان میگنٹ حل پذیر ☆☆☆

چھوٹے موچی کیل 100 گرام، آب ہاتھی سونڈھی 1 لٹر، پترہ ورقیہ 25 گرام، آب لیموں 1 لٹر، آب کھٹکل بوٹی 1 لٹر۔
ترکیب تیاری: ☆ پہلے موچی کیل کسی ہانڈی میں ڈالکر اوپر ہاتھی سونڈھی کا پانی ڈالدیں۔ کیل گل جائیں گے۔
☆ اب ہڑتال ورقیہ اور فولاد کو 100ml آبِ لیموں سے کھرل کر کے پانچ کلو کی آگ دیں۔ موٹے کیل بھی پاؤڈر ہو جائیں گے۔
☆ اب کشتہ کھرل میں ڈالکر باقی 900ml آبِ لیموں سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پانچ کلو کی آگ دیں۔
☆ اب ایک لٹر آبِ کھٹکل میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پانچ کلو کی تیسری آگ بھی دے دیں۔
تین بوٹیوں میں تین آگ دینے سے کشتہ بفضلِ خدا بہترین تیار ہوگا۔
مقدار خوراک: 125 ملی گرام ایک گلاس پانی میں ڈالدیں اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے لال

سُرخ پانی ہوگا۔ مریض کو عرقِ گلاب میں حل کر کے صبح نہار موُنہہ ناشتہ سے ایک گھنٹہ قبل پلائیں۔ پندرہ تا بیس دن کا استعمال کافی ہوگا۔

فوائد: حرارت کی شدّت سے ہونے والے جنسی مسائل کیلئے بہت مفید ہے۔ ضعفِ جگر کی تمام علامات پر بہترین کام کرتا ہے۔

مقوی اعصاب وقلب، دافع جریان، احتلام، سرعت انزال، ذکاوتِ حس، سُستی و نامردی، ذیابیطس شکری کیلئے

شاخ مرجان 10 گرام، عقیق سُرخ 10 گرام، قلعی پارہ چھلبند 20 گرام، برادہ نقرہ 10 گرام، آبِ گھیکوار 500 گرام۔

ترکیب: مرجان مصفیٰ و عقیق کو کوزہ گلی میں ایک کلو مکھن گائے کے ہمراہ بند کر کے مضبوط گِل حکمت کر کے 25 کلو کی آگ دیں۔ مکمل ٹھنڈا ہونے پہ نکال کر قلعی چھلبند اور برادہ نقرہ کے ہمراہ کھرل کریں اور 2 کلو کی آگ دیں۔ کُل چار عمل کریں۔ بہت ہی لاجواب کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام (1 رتی) ہمراہ مکھن خالی پیٹ دیں۔

فوائد: پیشاب کی زیادتی کو تین خوراک میں مکمل نافع ہے۔ دل و دماغ کو خوب قوی کرتا ہے۔ سرعت کا مستقل خاتمہ کرتا ہے۔ منی کا قوام درست کرتا ہے۔ 20 سالہ پرانے جریان کو ہمیشہ کے لئے اُڑا کر رکھ دیتا ہے۔ اس سے اچھا معتدل نسخہ میں نے نہیں دیکھا۔ 95 فیصد مریضوں پر کام کرتا ہے۔

☆☆اکسیر شوگر 100 فیصد علاج☆☆☆ 27

شباب آور اکسیری نادر و نایاب نسخہ برائے نامرداں۔ جس کی صرف تین خوراکیں نامرد کو مرد اور بوڑھوں کو جوان کر دیتی ہے۔ بال سیاہ ہو جاتے ہیں۔ رنگ سُرخ ہو جاتا ہے۔ شوگر جڑ سے ختم ہو جاتی ہے اور جسم کی تمام کمزوریاں بفضلِ خدا ختم ہو کر از سرِ نو جوانی کی بہار دکھا دیتی ہے۔ بنائیں اور نام کمائیں۔

ھوالشافی! برادہ سونا 3 گرام، برادہ نقرہ 3 گرام، برادہ جست 3 گرام، قلعی مصفیٰ 3 گرام، پارہ مصفیٰ 3 گرام، قشر بیضہ مرغ 3 گرام۔

ترکیب تیاری: قلعی اور پارہ کا چھلبند عقد کریں اور تمام اجزاء ملا کر کسی اچھے کھرل میں سات گھنٹے کھرل کریں۔ اس کے بعد آبِ پیاز 500 گرام، آب پوست کنیر سفید 250 گرام، پان کی ڈنڈیوں کا پانی 250 گرام بالترتیب بذریعہ کھرل صَرف کریں اور ٹکیہ بنا کر اچھی طرح دھوپ میں

خشک کریں۔ خُوب خشک ہو جائیں تو وزن کر لیں۔ ایک پاؤ بلادر کا نغدہ بنا کر اس کے درمیان ٹکیاں رکھ کر گل حکمت کر کے ساڑھے سات کلو کی گڑھے میں ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے ٹکیہ نکال لیں۔ لطیف

ترین پھول کر کشتہ ہو گا انشاءاللہ۔ اب اسے کھرل کر کے کسی شیشی میں بند کر کے زیرِ زمین دفن کریں پھر کام میں لائیں۔

ترکیبِ استعمال: پہلے مریض کو مسہل دیں۔ پھر صبح نہار مونہہ ایک چاول مقدار میں دوا دیں۔ ایک گھنٹہ بعد دیسی گھی کی روغنی روٹی کے ساتھ مرغ یا بکرے کے گوشت سے

ناشتہ کروائیں۔اس کے بعد سارا دن دودھ ہی پیئیں رات کو بھی کھانا نہ کھائیں بلکہ دودھ ہی پیئیں۔ایک دن کے وقفہ سے دوسری خوراک دیں۔اسی طرح تیسری خوراک دیں۔ انشاءاللہ تمام جسمانی کمزوریوں کو جڑ سے ختم کردے گا۔

جسم کے دردوں سے نجات

پہلی خوراک سے جسم کا درد ختم ہو جاتا ہے۔

اسگندھ 30 گرام،موچرس 30 گرام،میتھی دانہ 30 گرام،سونٹھ 30 گرام،ہینگ صاف 20 گرام۔ان سب کا سفوف بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار وطریقہ استعمال: 500 ملی گرام کا کیپسول روزانہ رات کو کھانے کے بعد پانی سے دیں درد بھگائیں۔

فوائد: ہر قسم کے ہڈیوں کے درد، جوڑوں کے درد اور کمر کے درد کا مکمل علاج ہے۔

نوٹ: بلڈ پریشر کے مریض 20 گرام ملٹھی کا اضافہ کر کے استعمال کریں۔

معجون مقوی دل ودماغ واعضائے رئیسہ

مغز اخروٹ 80 گرام،مغز بادام دیسی 80 گرام،مغز پستہ 80 گرام،کاجو 80 گرام،مغز کدو 80 گرام،مغز پنبہ دانہ 80 گرام،انجیر 80 گرام،مغز چلغوزہ 80 گرام،چہار مغز 80 گرام،چھوہارہ گٹھلی نکلا 80 گرام،ثعلب مصری 80 گرام،بھنے چنے 250 گرام۔

زرشک 25 گرام،کلونجی 25 گرام،عقرقرحا 25 گرام،مغز جائفل 25 گرام،مصطگی رومی 25 گرام،لونگ 25 گرام،جلوتری 25 گرام،بھکھڑا 25 گرام،زعفران 12

گرام،شہد 1 کلو، دیسی گھی 250 گرام۔ معروف طریقہ سے معجون تیار کریں 27
مقدار خوراک: ایک بڑا چمچ صبح وشام خالی پیٹ دیں ہمراہ دودھ۔
فوائد: جسم کو طاقت مہیا کرتی ہے۔ دل، دماغ اور گُردے کے لئے بے حد مفید ہے۔ جسم کو چاک و چوبند کرتی ہے۔ سُستی دور کر کے جسمانی تھکن کو دور کرتی ہے۔ کمر اور جوڑوں کے درد کے لئے مفید ہے۔ جسمانی حرارت غریزی بڑھاتی ہے۔

اکسیر کینسر، بھگندر، رسولیاں

حصہ 1: رسکپور 10 گرام، عمدہ کھرل میں ڈالکر چار گھنٹے کھرل کریں۔ پھر ارنڈ سُرخ کا مقطر پانی سوا کلو (1125 گرام) قطرہ، قطرہ کھرل کریں (کھرل میں کیچڑ نہیں کرنا)۔ بیس دن میں سوا کلو پانی جذب
ہوگا۔ جب مکمل پانی خشک ہو تو ٹکی بنالیں۔ ٹکی کو بھی اچھی طرح خشک کرلیں۔
حصہ 2: سنکھ اچھی کوالٹی کا 50 گرام۔ اس کو سوختہ کر کے کھرل کریں۔ نیم کے 250 گرام پانی میں کھرل کر کے ایک کلو نیم کے نغدہ میں 32 کلو کی آگ دیں۔
پھر نکال کر شیر مدار 250 میں کھرل کر کے ٹکی بنائیں، ہلدی گانٹھ 1 کلو کوٹ کر نغدہ بنائیں اور 30 کلو کی آگ دے دیں۔ ہلدی کی راکھ سے
احتیاط سے نکالیں۔
پھر کنوار گندل کے پانی 250 گرام میں کھرل کر کے ٹکی بنا کر ایک کلو ہلدی کا نغدہ میں 32 کلو کی آگ دیں۔ یہ مکمل کشتہ ہوگا۔
حصہ 3: کشتہ رسکپور اور کشتہ سنکھ مندرجہ بالا ملا کر تین سے چار گھنٹہ کھرل

کریں۔ پھر آکاش بیل کا انتہائی مقطر پانی 125 گرام بذریعہ کھرل جذب کریں 27۔ ٹکی بنا کر ساڑھے تین کلو کی آگ دیں۔

چوب چینی 50 گرام کپڑ چھان کر کے مذکورہ کشتہ میں اچھی طرح ملا لیں۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ عرق گلاب اور عرق بادیاں کے ساتھ یہ کیپسول دیں۔ دیسی گھی سے تر روٹی کھلائیں ہو سکے تو جَو کی روٹی ہو۔ اس کے علاوہ کوئی چیز نہیں کھانی۔

فوائد: خون کی تمام بیماریاں، کینسر، گلٹیاں اور رسولیاں پر مجرّب ہے۔ یہ نسخہ میری طرف سے تحفہ ہے۔

☆ یہ نسخہ ایک ایسے مریض کو استعمال کروایا جسکو مونہہ کا کینسر تھا اور کینسر مونہہ سے باہر نکلا ہوا تھا

یعنی مونہہ سے باہر تک زخم ہی زخم تھے۔ اس نسخہ سے اللہ تعالیٰ نے شفا دی۔

☆ دماغی رسولی کینسر پر الحمداللہ کامیاب

☆ دو کلو کی کینسر رسولیاں 42 دن میں کامیاب علاج۔

☆ اب تک تین سو سے زائد مریضوں پر تجربہ شدہ دوا ہے۔ (حکیم میاں علی فیصل جڑانوالا)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم عزیز احمد چکوال

0333-5770435

برائے دانت درد، ماسخورہ

پھٹکڑی بریاں **100** گرام، پنکی (پوٹاشیم پرمیگنیٹ) **10** گرام۔

دونوں کو اچھی طرح باریک سفوف بنالیں۔

طریقہ استعمال: ایک کپ میں ایک چٹکی سفوف ڈالکر اچھی طرح ہلالیں۔ پھر اس پانی سے کلّی کروائیں۔ روزانہ دوبار یہ عمل دہرائیں۔

فوائد: منہ کا ورم، منہ کا کینسر، دانت درد، ماسخورہ کے لئے مفید و مجرّب ہے۔

مرہم برائے برص

باپچی **125** گرام، گندھک آملہ **125** گرام، گیرو **25** گرام۔

تمام دواؤں کا فائن سفوف بنالیں۔

طریقہ استعمال: ایک چمچ سفوف کو پانچ چمچ تیل سرسوں میں اچھی طرح ملائیں اور برص کے داغوں پر لگائیں۔

فوائد: برص کے داغوں کو ختم کرتا ہے۔ **1999**ء سے پریکٹیکل میں ہے۔

27

سفوف ستیاناسی

تخم ستیاناسی 250 گرام، کالی زیری 250 گرام، تخم تارامیرا 250 گرام۔

مقدار خوراک: ایک گرام سفوف صبح وشام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: موہکے، گلٹیاں، ہارٹ بلاکیج، جوڑوں کے درد میں مجرب ہے۔

برائے جریان

گُوند کتیرا 50 گرام، تج 50 گرام۔

دونوں کو اچھی طرح سفوف کر کے 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کے کیپسول صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ دودھ۔

فوائد: جریان اور زکاوتِ حس کے لئے رزلٹڈ دوا ہے۔

برائے الرجی سانس

جمالگوٹہ 1 دانہ، چینی 100 گرام۔

پہلے جمالگوٹہ کو کھرل کریں۔ پھر اس میں تھوڑی تھوڑی چینی ڈالکر کھرل کرتے جائیں۔

استعمال: 125 ملی گرام (ایک رتی) دن میں تین بار چوسیں۔

فوائد: بچوں کے سینہ کو بلغم سے پاک کرتی ہے۔ بڑوں کی سانس کی الرجی اور بلغم کو ختم کرتی ہے۔

27

جریانِ خون

کوڑی زرد 100 گرام، سنکھ 100 گرام، سندور 100 گرام، سُرمہ 100 گرام۔
ترکیب: تمام اشیاء کو سفوف کر کے باہم اچھی طرح ملا لیں۔ کوزہ میں گِل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ تیار ہے۔
مقدار خوراک: 250 ملی گرام کیپسول یا 125 ملی گرام صبح و شام پانی سے دیں۔
فوائد: جو جریانِ خون کسی دوا سے بند نہ ہو رہا ہو وہ بفضلِ خدا اس سے بند ہو جاتا ہے۔ کثرتِ حیض میں لاجواب دوا ہے۔

روغن بواسیری مسّے

ہڑتال ورقیہ 10 گرام، نیلا 10 گرام، روغن کنجد 250 گرام۔
ترکیب تیاری: نیلا اور ہڑتال کو باریک پیس لیں اور روغن میں ملا کر بالکل نرم آنچ پر پکائیں۔ جب اچھی طرح پک جائے تو نکال کر کپڑے سے پُن لیں۔ ہلکا سا موم ملا کر مرہم بنائیں۔
استعمال: مسّوں پر رات کو لگا کر سو جائیں صبح دھو لیں۔ چند دن میں مسّے گر جائیں گے۔

مرہم برائے چنبل

نسخہ نمبر 1: روغن کنجد 250 گرام، چھلکا ریٹھا 125 گرام، موم 125 گرام۔
ترکیب تیاری: چھلکا ریٹھا کو روغن کنجد میں ڈالکر پکائیں۔ جب جل جائیں تو اتار کر کپڑے سے پُن لیں۔ پُن کر اس میں موم ملا کر مرہم تیار کریں۔

استعمال: رات کو چنبل پر لگائیں۔

27

نسخہ نمبر 2: گریس اعلیٰ کوالٹی دن کو چنبل پر لگائیں۔ چنبل کو ختم کرتی ہے۔ تصدیقی نسخہ ہے۔

سفوف ہلیلہ

بیلگری 50 گرام، بارتنگ 50 گرام، دارچینی 50 گرام، ہلیلہ سیاہ بریاں 150 گرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے ہلیلہ سیاہ کو ہلکا سا گھی لگا کر بریاں کرلیں۔ پھر تمام ادویہ کا باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: سنگرہنی اور پیچش کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔

مہروں کے درد کے لئے

میتھی دانہ 125 گرام، السی 125 گرام، راکھ بھلاوے 25 گرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے بھلاوہ کو کسی کوزہ میں گل حکمت کر کے 15 کلو کی آگ دیں۔ یہ راکھ ہو جائے گا۔ یہ راکھ 25 گرام باقی دواؤں کے سفوف میں ملالیں۔ 500 ملی گرام کیپسول بھرلیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح وشام دودھ کے ساتھ۔

فوائد: جوڑوں کے درد اور مہروں کے درد کے لئے بہت مفید ہے۔

27

سرعت انزال، مردانہ کمزوری

موصلی سفید 50 گرام، مصطگی جرمنی کی اچھی 50 گرام، زعفران 10 گرام۔

تمام دواؤں کا باریک ترین سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کا کیپسول صبح و شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

فوائد: سرعت انزال اور مردانہ کمزوری کے لئے لاجواب رزلٹ ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

پروفیسر حکیم اسحاق سلطان صاحب لاہور

0322-4797414

حبِ اٹھرا

سُرمہ سیاہ 50 گرام، چھلکا ریٹھا 50 گرام۔

ترکیب: سُرمہ کی بذریعہ کھرل چمک ختم کریں۔ چھلکا ریٹھا باریک کر کے شامل کریں۔

مقدار خوراک: حَب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔ اور دو بار روزانہ حسبِ عمر دیں۔

عُسرتِ طمث

سہاگہ بریاں 50 گرام، میٹھا سوڈا 50 گرام، ریوند عصارہ 50 گرام۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول دو بار روزانہ دیں۔

27

سُرعت انزال

سقمونیا10 گرام،زیرہ سیاہ70 گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں کوسفوف کر کے باہم ملالیں۔

مقدار خوراک:ایک گرام دوبار روزانہ

سُرعت انزال

کشتہ قلعی 10 گرام، کشتہ چاندی 10 گرام، طباشیر 20 گرام، الائچی سبز 20 گرام، کشتہ مرجان 10 گرام۔

مقدار خوراک:125ملی گرام دودھ کے ساتھ۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27 پروفیسر حکیم اظہر خان صاحب جھنگ

0333-7632601

سفوف اسرول

اسرول، صدف مکلس (کشتہ شُدہ)۔
دونوں کو کھرل کر کے اور 125 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔
استعمال و فوائد: ایک ایک کیپسول صبح و شام دودھ کے ساتھ۔ ہر قسم کی اعضاء شکنی، الرجی، ہائی بلڈ پریشر و بے چینی میں بہت مفید دوا ہے۔

اینٹی پائریٹک (Anti Pyretic)

کشتہ گاؤدنتی 100 گرام، طباشیر 100 گرام، میٹھا سوڈا 100 گرام، لوبان 100 گرام، آردگلو 100 گرام۔
تمام ادویہ کو باریک پاؤڈر کر لیں۔
مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول دو یا تین بار روزانہ دیں۔ ہمراہ پانی

سفوف جدوار

جدوار 50 گرام، عُود صلیب 50 گرام۔
دونوں کا باریک ترین سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح و شام ہمراہ پانی۔

فوائد: نافع صرع، اختناق الرحم ہے۔

27

سفوفِ صداع

اسطوخودوس 100 گرام، کشنیز 100 گرام، اسرول 38 گرام، نوشادر 13 گرام، فلفل سیاہ 15 گرام، برگِ سداب 125 گرام، صمغ عربی 50 گرام۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام پانی سے دیں۔

فوائد: سر درد، ہائی بلڈ پریشر کے لئے بے حد مفید ہے۔

سفوف برائے اسہال

مروڑ پھلی، موچرس، لودھ پٹھانی، رال سفید، بیل گری، کڑا چھال، مازو، زیر مہرہ خطائی صلایہ، پھٹکڑی سفید بریاں، چھلکا انار۔ تمام اجزاء ہموزن

مقدار خوراک وفوائد: 500 ملی گرام ہر چار گھنٹے بعد۔ اسہال کو بند کرتی ہے۔

اکسیر معدہ

زنجبیل، مٹھا سوڈا، نوشادر، الائچی خورد۔ تمام دوائیں ہموزن لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح وشام ہمراہ پانی۔

فوائد: بدہضمی، تیزابیت، دردِ معدہ اور گیس معدہ میں بے حد مفید ہے۔

اینٹی ہسٹامین (Anti Histamin)

جوزماثل 100 گرام، اجوائن خراسانی 100 گرام، گئوذنتی مکلس 800 گرام۔

تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ مثل غبار کر کے باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: 125 ملی گرام صبح وشام۔

27

فوائد: بہترین اینٹی الرجک ہے۔ نزلہ، زکام اور دردوں میں مفید ہے۔

دوائے معدہ

جلوتری 40 گرام، دارچینی 160 گرام، تیزپات 200 گرام۔

مقدار خوراک: 250 سے 500 ملی گرام۔ تین بار

فوائد: مقوی معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے اسہال کیلئے مفید ہے۔

مقوی دماغ وحافظہ

ترپھلہ کھار، برہمی کھار، سلاجیت، طباشیر، کشتہ نُقرہ۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام تین بار روزانہ۔

فوائد: دماغ کو طاقت دیتی ہے اور حافظہ کو تیز کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم عامر باجوہ صاحب فیصل آباد

0301-7016176

اووری سسٹ

ہلدی، ملٹھی، سونف ہموزن کا سفوف بنائیں بمقدار 2 تا 3 گرام 3 بار دیں۔اس کے ساتھ دھمانسہ کپڑ چھان کا 500 ملی گرام کا کیپسول دیں 2 بار روزانہ ہمراہ پانی۔

خواص وفوائد: صرف بیس دن میں اووریز سے پانی کی تھیلیاں مکمل ختم ہو جائیں گی۔اکیسویں دن الٹراساؤنڈ رپورٹ بالکل کلیئر ہوگی انشاءاللہ۔

حب زنجبیل رطب

سُنڈھ کپڑ چھان پاؤڈر 40 گرام، سفوف تُمہ خشک کپڑ چھان 20 گرام، مویز منقیٰ (بیج دور کردہ) 20 گرام، خالص چھوٹی مکھی کا شہد حسبِ ضرورت۔

سب اجزاء کو ملا کر بذریعہ شہد نخودی گولیاں بنالیں۔اس نسخہ کے سستے اجزاء کو مدنظر رکھ کر نظرانداز مت کریں۔یہ نسخہ بفضلِ خدا نچلے دھڑ کے فالج تک کو درست کر دیتا ہے۔

مقدار خوراک: نخودی گولی صبح وشام ہمرا دودھ پتی بعد از غذا۔

مزید فوائد: قبض، تبخیر، جوڑ درد، ایڑیوں کا درد، چوٹ کا درد، بواسیر، ہر طرح کی وائی بادی کا توڑ ہے۔کندھوں کا درد، کندھوں کا کھچاؤ، ناف اور پریڈز کے درد میں بہت مفید ہے۔

27

خارش

گندھک آملہ سار 20 گرام، پھٹکڑی 20 گرام۔

ترکیب: دونوں کو باریک کریں اور کڑاہی میں پگھلا کر خشک کر لیں۔ مکمل خشک ہونا چاہئے۔ پھر کڑاہی سے کھرچ کر نکالیں اور باریک ترین پیس لیں۔ اب اس میں گیرو 20 گرام، کالی زیری 20 گرام باریک پیس کر ملا لیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کیپسول صبح وشام کھانے کے بعد سادہ پانی کیساتھ دیں۔

بدرقہ: عرق عناب یا عرق مُنڈی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

سوزاک

پھٹکڑی 10 گرام، بیروزہ 10 گرام، کباب چینی 20 گرام، تخم حرمل 20 گرام۔

ترکیب: بیروزہ اور پھٹکڑی کو باریک کر کے کڑاہی میں ڈال کر بالکل نرم آنچ پر بریاں کر لیں۔ جب ان کی رطوبات مکمل طور پر خشک ہو جائیں تو ان کو کڑاہی سے نکال کر باقی اجزاء کا سفوف ملا کر ائیر ٹائٹ شیشی میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: آدھا چمچ چائے والا تین بار ہمراہ شربت عناب دیں۔ 15 دن کا استعمال کافی ہے۔

سپرم بُوسٹر

مغز جیا پوتا 50 گرام، مغز پنبہ دانہ 50 گرام، بیروزہ مدبر 50 گرام، تخم پیاز 50 گرام۔

مقدار خوراک: ہزار ملی گرام والا کیپسول بھر لیں۔صبح و شام ہمراہ دودھ خالی پیٹ دیں۔ 30 دن (ایک ماہ) استعمال کروا کر رپورٹ کروالیں۔ انشاءاللہ بہترین رپورٹ ہوگی۔

حَب اٹھرا و شربت اٹھرا

میرے مجرب ہیں اور اگر 3 ماہ لگاتار استعمال کروائیں تو مریضہ تمام عمر اٹھرا سے محفوظ رہے گی انشاءاللہ۔

حبِ اٹھرا نمبر 1

☆ مرچ سیاہ 10 گرام، ہلدی 25 گرام، نوشادر 25 گرام، سنڈھ کپڑ چھان 50 گرام، ثنا مکی مصفیٰ 100 گرام، مُنڈی بُوٹی 50 گرام۔

ترکیب تیاری: سب اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں اور معمولی سی گوند کیکر شامل کر کے نخودی گولیوں سے ذرا بڑی گولیاں بنالیں۔خوبصورتی کیلئے کوئی سا بھی خوراکی رنگ چڑھالیں۔

استعمال: دو گولیاں صبح نہار مونہہ شربت اٹھرا کے ایک گلاس کے ساتھ۔

فوائد: ایک ماہ اگر عورت یہ گولیاں استعمال کر لے تو تمام عمر اٹھرا سے محفوظ رہے گی انشاءاللہ۔

اگر حمل کے آٹھویں ماہ بھی استعمال کر لے تو ولادتِ جنین میں آسانی رہے گی۔نیز یہ حبوب اولاد سے بھی اٹھرا کے اثرات کو ختم کر دیتی ہے۔

27

حب اٹھرا نمبر 2

دھریک کا پھل جس کو دھرکونے کہتے ہیں 1 کلو، رسونت انڈین 20 گرام، سقمونیا ولائتی 10 گرام، ایلوا پھل 6 گرام۔

ترکیب تیاری: دھرکونے رات کو 2 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح آگ پر رکھیں۔ جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو پُن چھان کر حاصل شدہ پانی کو دوبارہ آگ پر رکھیں۔ آگ بالکل ہلکی کر دیں اور ادویہ کا سفوف اس میں ڈالکر مواد کو گولیاں باندھنے کے قوام تک لے آئیں۔ دانہ مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت اٹھرا

شربت اٹھرا

عناب ایرانی 100 گرام، صندل سفید 50 گرام، صندل سُرخ 50 گرام، برگ مہندی 50 گرام، سرپھوکہ 100 گرام، چرائتہ 100 گرام، ہرڑ سیاہ 50 گرام، گُل سرخ 200 گرام، مُنڈی بُوٹی 200 گرام، گُل بنفشہ 100 گرام، چینی 4 کلو گرام۔

معروف طریق سے شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: 2 تا 3 چمچ دوبار ہمراہ حبِ اٹھرا کے ساتھ۔

فوائد: یہ شربت اور حبوب اٹھرا اور اس سے متعلقہ تمام عوارض کا کامل علاج ہیں۔

27

دائمی نزلہ، کیرا کیلئے

بہت اعلیٰ اور مجرّب مرکب ہے۔

ہرڑ سیاہ 10 گرام، ثنا مکی مصفیٰ 10 گرام، گل سرخ 10 گرام، زوفا 10 گرام، گل بنفشہ 10 گرام، ملٹھی کپڑ چھان 10 گرام، مغز پھلی املتاس 10 گرام، فلفل دراز 10 گرام، فلفل سیاہ 10 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو مٹی، گرد وغبار سے صاف کر کے باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک: آدھا سے ایک ٹی سپون صبح وشام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں ہمراہ قہوہ درج ذیل: لونگ، الائچی خورد، بنفشہ، مویز منقیٰ

فوائد: بہت کمال کا مخرجِ بلغم ہے۔ قبض کشاء ہے۔ بلغمی وخشک دمہ کے لئے بہترین دوا ہے۔ عرق النساء کا بہترین علاج ہے۔

مصفّین شفائی

پوست ریٹھا 50 گرام، دھمانسہ کپڑ چھان 25 گرام، تخم سرس 25 گرام، ہلدی 25 گرام، رسونت 25 گرام، مصبر 25 گرام، سک سملو 20 گرام، سونف 20 گرام، گورکھ پان 20 گرام، چرائتہ 20 گرام، شاہترہ 20 گرام، نمولی نیم 20 گرام، سرپھوکہ 20 گرام، مُنڈی بوٹی 20 گرام، عناب ایرانی 50 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء خالص لیکر صاف کر کے پیس لیں اور کپڑے سے چھان لیں ہزار ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح شام ہمراہ عرق سونف عرق منڈی نصف نصف کپ اور

27

چار چمچ شربت عناب مکس کر کے پی لیں۔

فوائد: داد، چنبل، بھگندر، گنگرین، اندرونی بیرونی گلٹیاں، رسولیاں، پانی کی تھیلیاں، ہارمونز کے مسائل، شوگر، دانتوں مسوڑوں کا انفکشن، خون کی خرابی کے جملہ تمام امراض، چہرے پر دانے چھائیاں، مکوڑیاں جسم پر تل موھکے خارش کھجلی وغیرہ کا شافی علاج من جانب اللہ۔

جگرین شفائی

سونف 40 گرام، جڑ سونف 50 گرام تخم کاسنی 40 گرام، جڑ کاسنی 50 گرام، گل سرخ ایرانی 40 گرام، تخم خربوزہ 40 گرام، گل گاؤزبان 40 گرام، ریوند چینی 40 گرام، ریوند خطائی 40 گرام، تخم کشوث 40 گرام، چینی 3 کلو۔

ترکیب تیاری: تخم کشوث کو ململ کی پوٹلی میں باندھ کر پانی میں شامل کرنا ہے بقیہ تمام اجزاء مٹی گرد سے صاف کر کے 5 کلو پانی میں بھگو دیں۔ معروف طریق پر 3 بوتل شربت بنائیں۔

مقدار خوراک: عرق سونف، عرق کاسنی، عرق مکوہ مکس کریں اور ایک گلاس میں 6 چمچ اس شربت کے ڈال کر صبح شام پیئیں۔

فوائد: 10 دن میں فیٹی لیور کا مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔ حرارت جگر اعتدال پر آ جائے گی۔ معدہ تندرست ہوگا۔ مریض کی بے چینی ختم ہوگی۔ ہاتھ پاؤں کے تلووں کی جلن ختم ہو جائے گی۔

نوٹ: میں اس شربت اور اس عرق مرکب کے ساتھ معجون دبیدالورد ہمدرد کا ایک چمچ چائے والا بھی صبح شام استعمال کرواتا ہوں۔

کڑوی اکسیر بدن

میگنیشیا سالٹ 250 گرام، قلمی شورہ 10 گرام، جَو کھار 10 گرام، نوشادر 10 گرام، ہیرا کسیس 10 گرام، پتری فولاد 10 گرام، سبز کونین 5 گرام، مِٹھا سوڈا 5 گرام، عرق سونف 1 بوتل۔

ترکیب تیاری: سب چیزیں باریک کر کے عرق میں ملا دیں۔ مدھانی سے بھی ملایا جا سکتا ہے۔

مقدار خوراک وطریقہ استعمال: دہی کی میٹھی لسی مریض کو آدھا گلاس پلا کر یہ دوا 2 تا 4 چمچ حسبِ برداشت پلا دیں۔ بعد میں باقی کی لسی پلا دیں۔ صبح یا شام کھانے کے بعد دیں۔ روٹی مکھن سے تر کر کے کھلائیں۔

فوائد: اس دوا سے سیاہ رنگ کے پاخانے آئیں گے۔ سودا، صفرا کا بہترین مخرج ہے۔ معدہ، جگر، پتہ، تلی، گردہ، مثانہ کی بہترین اصلاح کرتا ہے۔ حد سے زیادہ گرمی کو دنوں میں اعتدال پر لے آتا ہے۔ چہرے کی رنگت میں خون کی رمق کو واضع کر کے چہرہ کو گلاب کی مانند کر دیتا ہے۔ پیشاب کی جلن و درد کو بہت نافع ہے۔ ہیپاٹائیٹس کے مریضوں کے لئے بھی بہترین ہے۔ وہ مادے جن کے فساد کی وجہ سے جسم میں بیماریاں گھر کر جاتی ہیں اُن کو خارج کر دیتا ہے۔ قبض کشاء اور اکسیرِ بدن ہے۔

گہری چوٹ کا بیرونی علاج

27

بار ہا کا مجرّب

مقامِ ضرب کو پہلے گرم ٹکور کریں پھر شہد کا لیپ کریں۔ اس کے بعد بجھا ہوا چُونا شہد کر او پر لگا کر اوپر روئی رکھ کر پٹی کریں۔ اس سے جلن ہوگی برداشت کریں۔ بفضلِ خدا ایک ہی پٹّی کافی ہے۔ ضرورت ہو تو 24 گھنٹہ بعد دوسری پٹی کریں۔ بجھا ہوا چونا اور شہد ہموزن ہے۔

شفاء الامراضِ خبیثہ، گلٹیاں ورسولیاں

ہڑتال ورقیہ 10 گرام، رسکپور 5 گرام، کالی مرچ 50 گرام،
ہلدی 50 گرام، دھمانسہ کپڑ چھان 30 گرام۔

ترکیب تیاری: ہلدی، کالی مرچ، دھمانسہ سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر کپڑ چھان کر الگ الگ رکھیں۔ رسکپور کی ڈلی کو گودہ کنوار گندل کے ساتھ کھرل کر کے 3 ٹکیاں بنالیں۔ نیم کے پتوں کا نغدہ بنا کر کسی کوزہ گلی میں نصف نیچے بچھائیں، اوپر کالی مرچ 20 گرام کا سفوف چھڑک کر اوپر ٹکیاں رکھ کر بقیہ کالی مرچ کا سفوف اوپر چھڑک دیں اور اوپر پھر نیم کا نغدہ رکھ دیں۔ کوزہ کو گل حکمت کر کے 5 کلو کی آگ دیں۔ بعد میں ٹکیاں احتیاط سے نکال کر کھرل کریں۔ بہترین رسکپور تیار ہے۔ اب ہڑتال ورقیہ کو اتنا کھرل کریں کہ چمک بالکل ختم ہو جائے اور مانند غبار ہو جائے (کم از کم 7 گھنٹہ کھرل کریں)۔

اوزان کے مطابق دھمانسہ، ہلدی اور کالی مرچ کے سفوف میں ہڑتال اور رسکپور ملا کر مزید کھرل کریں۔ 250 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں یا معمولی گوند کیکر شامل کر

27

کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ بادام روغن خودساختہ کے ہمراہ بعداز غذادیں یا رعرق مُنڈی بوٹی اورعرق دھمانسہ برابر وزن میں شربت عناب ملاکر گولیوں کے ساتھ پلائیں۔رات سوتے وقت ثنا مکی، ہرڑ سیاہ بریاں شدہ، گُل سرخ، تخم خربوزہ ہموزن سادہ پانی کے ساتھ ایک چمچ کھلائیں۔اگر دائمی قبض کا مریض ہوتو گلقند 250 گرام میں بادام روغن 100ml ملاکر رات کو چائے والا چمچ پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

فالج،لقوہ

شنگرف مدبر درحرمل 10 گرام، کچلہ مدبر 10 گرام،سونف بریاں 10 گرام، زیرہ سفید بریاں 10 گرام، مٹھا تیلیہ مدبر درشیر 10 گرام، فلفل دراز 20 گرام، فلفل سیاہ 20 گرام، مغز بادام دیسی 20 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو الگ الگ کھرل کرلیں۔ پھر آبِ ادرک مقطر 200ml بذریعہ کھرل جذب کریں۔اب 10 گرام گوند کیکر ڈالکر کالی مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ گولیوں پر کوئی خوراکی رنگ چڑھالیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام دودھ کے ساتھ بعداز غذادیں۔

27

تریاقِ استحاضہ

یہ نسخہ کتابی نہیں بلکہ صدری ہے۔

کثرتِ طمث پر مجرب ترین ہے۔ پہلی خوراک ہی جادو اثر ہے۔ ایلوپیتھی سو بار نئی دوا پیش کر لے اس مرکب کا بفضلِ خدا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ یہ میرا دعویٰ ہے۔ انشاء اللہ ھوالشافی! سُنڈھ کپڑ چھان 20 گرام، ہیرا کسیس سبز 10 گرام، پھٹکڑی سفید بریاں 10 گرام۔ باریک ترین سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ٹی سپون ہمراہ شربت انجبار کھانے کے بعد دیں۔

فوائد: پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے۔ یہ دولیکوریا کو بھی ختم کر کے خون کے سُرخ خلیات کو مزید ایکٹو کرتی ہے۔ جس سے گالوں میں سُرخی نمایاں ہوتی ہے۔ مرض ختم ہونے تک لگاتار صبح وشاما آدھا چمچ کھلائیں۔ اس سے نہ

صرف مرض ختم ہوگا بلکہ مرض کی وجوہات بھی ختم ہونگی۔

مہروں کا درد، دیرینہ گنٹھیا، نقرس، مفاصل

دیسی مُرغ آدھا کلو سے تین پاؤ وزن تک 1 عدد، سُنڈھ کپڑ چھان 50 گرام، ہینگ خالص 30 گرام، گندم آٹا حسبِ ضرورت، دیسی گھی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: مُرغ کو ذبح کر کے بال و پر اور پیٹ چاک کر کے دیگر آلائشوں سے پاک وصاف کر لیں۔ مُرغ کے پیٹ میں ہینگ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈالکر سلائی کر دیں۔ پھر آٹے میں سُنڈھ پاؤڈر ملا کر گوندھ لیں اور مرغ کے اوپر اچھی طرح لیپ کر دیں۔ دھوپ میں اچھی طرح خشک کر لیں۔ دیسی گھی حسبِ ضرورت میں اس قدر نرم

آنچ پر پکائیں کہ آٹا بالکل سیاہ ہو جائے۔اب آگ بند کر کے غلولہ نکال کر اخبار پر رکھ دیں۔جب خشک اوت ٹھنڈا ہو جائے تو آٹا اتار کر مُرغ کو نکال لیں۔اب بڑی بڑی ہڈیاں نکال لیں اور باقی سب کو کوٹ کر باریک کر لیں۔جب کولی بنانے کے قابل ہو تو دانہ مٹر کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی صبح و شام دودھ پتی کے ساتھ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔

فوائد:اس سنیاسی دوا سے مریض کو بہت زیادہ گیس کا اخراج ہوتا ہےاور مرض جڑ سے ختم ہو جاتا ہے۔

نوٹ:اس کے اثرات جوڑوں کے پتھرا جانے پر بہت ہی عمدہ ہیں۔

لیورین شفائی

نوشادر 50 گرام، گندھک آملہ سار 50 گرام، ہیرا کسیس 50 گرام۔

تینوں اجزاء کو ایک ساتھ گرائینڈ کر لیں، گُودا کنوار گندل ملا کر سات آٹھ ٹکیاں بنا لیں۔معمولی گل حکمت کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔پھر نکال کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: چوتھائی چمچ چائے والا (گرام) عرق بادیاں کے آدھے گلاس کے ساتھ دیں۔

فوائد: دل، دماغ، آنتیں کمزور ہوں، خون کی کمی ہو، جگر میں حدت اعتدال سے زائد ہو، یرقان اصفر واسود، اسہال میں بہت ہی مفید دوا ہے۔یہ دوا سات دن مین اپنا اثر دکھاتی ہے۔

27

نوٹ: ☆ یہ نسخہ بغیر آگ دیئے صرف گرائینڈ کیئے بھی کام کرتا ہے۔

☆ نوشادر، ہیرا کسیس، گندھک کو عملِ تقطیر کے ذریعے مصفیٰ کرنے پر بھی کامل کام کرتا ہے۔

یہ تین طریقوں سے یہ میرا مجرب ہے۔ جیسے چاہیں بنالیں۔

قبض

قبض چونکہ اُم الامراض ہے۔ اس لئے قبض کو رفع کرنے لئے کچھ مجربات ہیں جو حاضرِ خدمت ہیں اور بہت سے امراض پر بہترین معاون ہیں۔

(1): کسٹر آئل 1 کپ، شہد 1 کپ، عرق گلاب 2 کپ۔ تمام ملالیں 6 تا 10 چمچ رات کو سوتے وقت دیں۔

(2): سُنڈھ 20 گرام، نوشادر 20 گرام، کالی مرچ 10 گرام، ثنا مکی مصفیٰ 80 گرام، گُل سُرخ 20 گرام، مغز تخم خربوزہ 20 گرام۔

مقدار خوراک: ایک ایک ٹی سپون نیمگرم یا سادہ پانی سے تین بار بعد از غذا دیں۔

(3): کلونجی 40 گرام، رائی 40 گرام، تُمہ خشک 30 گرام، گوند کیکر 40 گرام۔

سب کا سفوف بنالیں اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔ شوگر کنٹرول کرنے اور قبض میں بیحد مفید ہے۔

(4): پوست ریٹھا 50 گرام، تخم سرس 50 گرام، مصبر 50 گرام، کالی مرچ 10 گرام، مویز منقیٰ 10 گرام۔ پیس کر دانہ مٹر کے برابر گولیں بنائیں۔

ایک تا دو گولیاں صبح و شام کھانے کے بعد نیمگرم پانی کے ساتھ دیں۔ اعلیٰ درجہ کی اکسیرِ

27

حیات گولیاں ہیں اور بہت سے امراض پر کام آتی ہیں۔
مندرجہ بالا نسخہ جات میں سے کوئی ایک بنالیں خطا نہیں جائے گا۔

فالج،لقوہ،رعشہ،ضعفِ اعصاب،اعضاء کا سُن ہونا

بہترین اور مجرب ترین ہے۔
شنگرف مدبر در حرمل 6 گرام، کچلہ مدبر 10 گرام، پوست ریٹھا 10 گرام، مغز بادام دیسی 10 گرام، مغز اخروٹ 10 گرام، کالی مرچ 10
گرام، مصبر سیاہ 10 گرام، مویز منقیٰ بغیر بیج 10 گرام، گوند کیکر 10 گرام۔ دانہ مٹر کے برابر گولیاں بنالیں اور خوبصورتی کے لئے مرگانگ چڑھالیں۔ لاجواب گولڈن حبوب تیار ہیں۔
مقدار خوراک: ایک تا دو گولی صبح وشام کھانے کے بعد ہمراہ دودھ نیمگرم عمر، جسم اور بیماری کے حساب سے۔ دودھ بطور بدرقہ لازم ہے۔
نوٹ: رعشہ اور فالج والے کو جوہر مہرہ ہمدرد کا بقدر 1 چاول بھی لازمی استعمال کروائیں۔ رات کو سوتے وقت گُلقند 250 گرام، بادام روغن 100ml، اجوائن دیسی 6 گرام، زیرہ سفید 10 گرام باہم ملا کر ایک چائے والا چمچ بھی لازمی دیں۔

شنگرف مدبّر در حرمل

حرمل ڈیڑھ پاؤ (375 گرام) کو ادرک کے پانی میں اس طرح تر وخشک کریں کہ کچھ نمی باقی رہے۔ اب 2 تا 3 تولہ کی ڈلی شنگرف کی لے کر کڑاہی میں آدھی حرمل نیچے بچھا کر اوپر ڈلی رکھ کر باقی کی حرمل اوپر رکھ دیں۔ پھر کڑاہی کو نرم آنچ پر رکھ دیں۔ 6 سے 7

گھنٹہ میں حرمل جل کر کوئلہ کی مانند ہو جائے گی۔ جب مکمل جل جائے تو کڑاہی ٹھنڈی ہونے پر احتیاط سے شنگرف نکال لیں۔ بہترین خوراک کی شنگرف بقدر 1 تا 2 چاول فی خوراک تیار ہے۔اس شنگرف کو جس بھی مرکب میں ڈالیں گے رزلٹ ملیں گے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

حکیم اسحاق فرخ صاحب بہاولپور

0300-9684439

اسقاطِ حمل

اسقاطِ حمل بسبب برودتِ رطوبت رحمی

سونف 50 گرام، الائچی کلاں 20 گرام، سنگ جراح 20 گرام، کوئلہ پتھر 10 گرام، صدف مروارید 20 گرام، گل ببول 80 گرام، چینی 80 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو سفوف کر لیں۔

استعمال: 3 گرام صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔ اسقاطِ حمل کو روکنے کا مجرب نسخہ ہے۔

اسقاطِ حمل بسبب حرارت و صفراویت

تخم کسنبہ 50 گرام، دھنیا 50 گرام، تخم مہندی 50 گرام، صندل سرخ 50 گرام، چینی 250 گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: 6 گرام صبح وشام ہمراہ دودھ۔

27

نوٹ: جب حمل قرار پا جائے تو چاند کی پہلی تاریخ سے سات تاریخ تک اور پھر چاند کی سولہ تاریخ سے بائیس تاریخ تک استعمال کریں۔اسی طرح آٹھ ماہ تک کھلائیں۔اگر عورت کو خون کی کمی ہو تو شربتِ فولاد دودھ میں ڈالکر ساتھ پلائیں۔

بانجھ پن

چہار مغز 50 گرام، مغز بادام 50 گرام، ثنا مکی 50 گرام، گلقند 50 گرام، مویز منقیٰ 50 گرام، تروی 50 گرام، الائچی خورد 50 گرام، ہرڑ جلاپہ 20 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا الگ الگ فائن سفوف تیار کریں۔پھر منقیٰ کی مدد سے 10 گرام کی گولی تیار کریں۔

مقدار خوراک وطریقہ استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام دودھ کے ساتھ دیں۔چہار یوم قبل از ایّام شروع فرمائیں اور دورانِ ایّام بھی جاری رکھیں۔اگر اسہال زیادہ آئیں تو ایک بار گولی دیں۔

بندشِ ایام

مصبر سیاہ 30 گرام، گوگل بھینسیا 10 گرام، جلوتری 10 گرام، ہینگ 10 گرام، کشتہ شنگرف گرم 10 گرام، زعفران 10 گرام۔ باریک سفوف بنا کر نخودی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ پانی۔

فوائد: پرانی سے پرانی ایام کی بندش کھولتا ہے۔

27

سیلان رحم

پھلی کیکر خام 50 گرام، کشتہ فولاد 10 گرام، کشتہ قلعی 10 گرام، طباشیر 20 گرام، دانہ الائچی خورد 20 گرام، کشتہ صدف 20 گرام، ورق چاندی 3 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کا فائن سفوف کریں۔

مقدار خوراک: 1 گرام صبح وشام ہمراہ شربت صندل دیں۔

فوائد: لیکوریا کو جڑ سے ختم کرتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆

حکیم سیّد اسلم شاہ گیلانی صاحب شیخوپورہ 27

0306-6978528

راحت

برہمی 50 گرام، اسطوخودوس 50 گرام، کشنیز 50 گرام، نوشادر 25 گرام، فلفل سیاہ25 گرام، اجوائن دیسی 25 گرام، الائچی خورد 25 گرام، بادرنجبویہ 50 گرام، اسرول 50 گرام، برگ سداب 70 گرام۔ تمام دواؤں کا باریک سفوف کر کے ہزار ،لی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول صبح وشام دیں۔

محافظِ حمل

جدوار خطائی 10 گرام، سورنجاں شیریں 10 گرام، کپور کچری 10 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام، دم الاخوائن 10 گرام، اسگندھ 10 گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر ہزار ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح وشام دیں۔

فوائد: ورم رحم اور رسولیوں کے لئے بہت مفید ہے۔

27

لیکورینا

پھٹکڑی سفید بریاں 10 گرام، سنگِ جراح 10 گرام، زہر مہرہ خطائی 10 گرام، مازو 10 گرام، کشتہ بیضہ مرغ 10 گرام۔ تمام کا فائن سفوف کر کے 250 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو کیپسول دو بار روزانہ دیں۔

فوائد: لیکوریا کو ختم کرتا ہے اور رحم کو طاقت دیتا ہے۔

شفاء

جوز ماثل 30 گرام، ریوند چینی 10 گرام، زنجبیل 10 گرام، صمغ عربی 10 گرام۔ تمام کا سفوف کر کے 125 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک کیپسول دو بار ہمراہ دودھ پتی دو بار روزانہ۔ شدید حالتوں میں تین بار

۔

فوائد: اینٹی ہسٹامین ہے۔ سانس اور جلد کی الرجی میں مفید ہے۔ نزلہ زکام کو فوری ختم کرتی ہے۔

صندل مرکب

صندل سفید 20 گرام، صندل سرخ 20 گرام، برگِ نیم 20 گرام، برگِ حنا 20 گرام، ملٹھی 20 گرام مجیٹھ 20 گرام، نرکچور 20 گرام، گیرو 20 گرام، دھمانسہ 20 گرام، عود صلیب 20 گرام، کشتہ صدف 20 گرام، زہر مہرہ خطائی 20 گرام،

الائچی خورد 20 گرام، آملہ خشک 20 گرام۔ تمام دواؤں کا فائن سفوف بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح و شام دیں۔

فوائد: اٹھرا اور اسقاطِ حمل کے لئے مفید ہے۔ مصفی خون بھی ہے۔

سوم کلپا کیپ

سوم کلپا، طباشیر، مٹھا سوڈا تمام ادویہ ہموزن۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کے کیپسول صبح و شام۔

فوائد: سانس کی تنگی و پھیپھڑوں کے امراض میں مفید ہے۔

اذراقی کیپ

اذراقی مدبر 25 گرام، دارچینی 12 گرام، جائفل 12 گرام، جلوتری 12 گرام، عود صلیب 12 گرام، قرنفل 12 گرام، سلاجیت 12 گرام۔ فائن سفوف کریں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام کیپسول صبح و شام دیں۔

فوائد: بلغمی و سوداوی امراض میں مفید ہے۔

صدرینہ

کشتہ ابرک سفید، کشتہ بارہ سنگھا، کشتہ صدف، کشتہ سنکھ، کشتہ ورقیہ، لوبان، ست گلو۔ تمام ادویہ ہموزن لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول بمقدار 250 ملی گرام صبح و شام دیں۔

27

فوائد: بخاروں، دردوں اور پھیپھڑوں کے امراض میں مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆

حکیم سعد خان صاحب حجرہ شاہ مقیم

0308-8482782

حبِ شفاء

تخم دھتورہ سیاہ 50 گرام، سُنڈھ 50 گرام، اجوائن خراسانی 50 گرام۔

تمام ادویہ کا فائن سفوف کر کے 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ہائی بلڈ پریشر، بہتے ہوئے نزلہ کو پہلی خوراک سے بند کر دیتی ہے۔

☆(مجرب سعد خان، نسخہ پروفیسر اسحاق سلطان صاحب)

اکسیرِ سوزش

سُنڈھ 250 گرام، سورنجاں شیریں 250 گرام، اسگندھ ناگوری 250 گرام، کالی مرچ 125 گرام۔ تمام کا فائن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: آدھی چائے والی چمچ دوبار روزانہ۔

فوائد: سوزشی بخار، جوڑوں کے درد، ہڈیوں کے درد میں بہت مفید ہے۔

☆(مجرب سعد خان، نسخہ پروفیسر اسحاق سلطان صاحب)

27 دمہ خشک (عضلاتی دمہ)

اجوائن دیسی، رائی، تیز پات، گندھک آملہ سار۔ ہر دوا ہموزن

مقدار خوراک: آدھی چمچ صبح وشام دیں۔اس کے ساتھ ساتھ خار خشک آدھ آدھ چمچ بھی دیں۔

پراسٹیٹ

پھل کنڈیاری 125 گرام، نرکچور 100 گرام، مصبر 100 گرام۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام کے کیپسول دو بار روزانہ ہمراہ شربت درج ذیل دیں۔

شربت: منقیٰ 250 گرام، چھلکا ریٹھا 250 گرام بطریق معروف شربت بنائیں۔

فوائد: پراسٹیٹ اور انلارجمنٹ پر بہت اچھا رزلٹ ہے۔

برائے ہچکی

مازو 100 گرام، گلوکوز ڈی 100 گرام۔

مقدار خوراک: آدھی چائے والی چمچ 3 بار دیں۔

فوائد: پہلی خوراک سے ہچکی بند۔ جو ہچکی کسی دوا سے بند نہ ہو وہ اس سے بند ہو جاتی ہے۔☆ (مجرب سعد خان، نسخہ چوہدری طارق حسین صاحب)

برائے پس گردہ

ہلدی 100 گرام، آملہ 100 گرام۔

مقدار خوراک: آدھی چمچ دو بار دیں۔

☆ (مجرب سعد خان، نسخہ پروفیسر اسحاق سلطان صاحب)۔

27

سفوف کرامت

دانہ الائچی کلاں، پودینہ خشک، کشنیز، نوشادر، اجوائن دیسی، انار دانہ، زیرہ سفید، مرچ سیاہ ہر ایک 50 گرام، چینی 500 گرام۔

مقدار خوراک: آدھا چمچ صبح و شام کھانے کے بعد دیں۔

فوائد: معدہ کے جملہ امراض میں مفید ہے۔

آدھے سر کا درد

اسطوخودوس، ریوند چینی، مرچ سیاہ، کشنیز، نمک سیاہ، سونف ہر ایک 50 گرام۔

مقدار خوراک وفوائد: آدھ چمچ دو بار پانی سے دیں۔ آدھے سر کے درد میں بہت مفید ہے۔

لیکوریکس

مازو 100 گرام، مائیں 100 گرام، پھٹکڑی بریاں 100 گرام، رال سفید 100 گرام، نسپال 100 گرام، گُل دھاوا 100 گرام۔

مقدار خوراک: ہزار ملی گرام کیپسول صبح و شام دیں ہمراہ دودھ۔

فوائد: لیکوریا میں بہت مفید ہے۔

☆ (مجرب سعد خان، نسخہ حکیم چوہدری طارق حسین صاحب)

27 سفوف برائے پَس سیمن

رال سفید، مغز کرنجوہ، مغز تمر ہندی، چھلکا ریٹھا ہر ایک 50 گرام۔ تمام ادویہ کو سفوف بنائیں۔ ہزار ملی گرام کا سفوف بنالیں۔

مقدار و فوائد: ایک ایک کیپسول دو بار دیں۔ سیمن میں پس ختم کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

حکیم میاں صدیق کنگن پور

0300-4896615

اکسیرِ جگر سیاہ

خبث الحدید مصفیٰ 200 گرام، پوست ہلیلہ زرد 200 گرام، پوست بلیلہ 200 گرام، آملہ مقشر 200 گرام، فلفل سیاہ 40 گرام، مگھاں 40 گرام، سُنڈھ 40 گرام۔

ترکیب تیاری: پہلی چار ادویہ کو چینی یا مٹی کے کھلے برتن میں ڈالیں۔ اوپر گائے کے دہی کی اتنی مقدار ڈالیں کہ چار اُنگل اوپر آ جائے۔ ململ کے کپڑے سے اس برتن کا منہ بڈھانپ دیں۔ دو سے تین بار لکڑی سے روزانہ ہلا دیا کریں۔ سردیوں میں ایک ہفتہ اور گرمیوں میں چار دن تک کا عمل کافی ہے۔ اگر مقررہ ایام سے پہلے دہی

خشک ہوتو مزید ڈال دیں۔مدّت کی تکمیل کے بعد کسی کاغذ پر پھیلا کر سایہ میں خشک کریں۔اور بعد میں اس میں فلفل سیاہ، مگھاں اور سُنڈھ کا سفوف ملا کر یکجان کر کے دوبارہ تمام مرکب کو پیس لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سفوف صبح نہار مونہہ دہی ایک پاؤ میں ڈالکر کھائیں۔

محرک دماغ وخون بند

مغز بادام دیسی مقشر **100** گرام، ست ملٹھی **50** گرام، سونف **50** گرام، فلفل سیاہ **70** گرام۔

ترکیب واستعمال: تمام ادویہ کا باریک سفوف بنا لیں۔ایک ایک چمچ صبح وشام پانی کیساتھ دیں۔کثرتِ حیض میں بہت مفید ہے۔تمام سوداوی وصفراوی امراض کے لئے بھروسہ کی دوا ہے۔

بند نزلہ

نوشادر **50** گرام، فلفل سیاہ **50** گرام، اجوائن دیسی **50** گرام۔

ترکیب واستعمال: تمام ادویہ کا باریک سفوف بنا کر **500** ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔صبح وشام سونف کے قہوہ سے دیں۔

فوائد: بند نزلہ کو جاری کر کے ختم کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم عمیر رضا فیصل آباد

0301-7698604

طلاء مسکّن

طلا کا نسخہ حاضرِ خدمت ہے۔ کمال کا نسخہ ہے اور عضو کی بڑھی ہوئی حس کو اعتدال پر لاتا ہے۔

اجوائن خراسانی 100 گرام کو ایک پاؤ پانی میں ابالیں۔ جب نصف رہ جائے تو اس کو پُن کر حاصل شُدہ پانی میں 100ml روغن کاہو ملا کر بالکل نرم آنچ پر پکائیں کہ تیل باقی رہ جائے۔

استعمال: تمام عضو پر رات کو لگائیں۔ حشفہ، خُصیتین، کنج ران پر بھی لگائیں۔ بے ضرر اور مسکن اعصاب ہے۔

تجارتی بنیادوں پر چلنے والا طلاء جادو اثر

آج طلاء کا وہ نسخہ بتا رہا ہوں جو جلق زدہ کے لئے واقعی جادو اثر ہوگا۔ ہر طرح کا نقص عضو درست ہوگا۔ مثلاً چھوٹا پن، پتلا پن، رگوں میں گندے مواد کا جمع ہونا، نامردی، سُستی، ڈھیلا پن، انتشار میں کمی کے لئے اکسیرِ اعظم ہے۔

گھی گائے 100 گرام، زردی بیضہ مرغ دیسی 2 عدد، لونگ 10 گرام، دارچینی 10 گرام، مغز جمالگوٹہ 20 عدد، بھلاوہ 4 عدد۔

ترکیب تیاری: گھی گائے کو کسی برتن میں نرم آنچ پر پگھلائیں۔ پہلے اس میں زردی 27 بیضہ مُرغ دیسی دو عدد ڈالیں جب ان سے تیل برآمد ہو جائے پھر لونگ ڈال دیں۔ اس کے بعد دار چینی۔ آخر پر 4 عدد بھلاوے ٹوپی اتار کر ڈال دیں۔ جب بھلاوے ڈالیں تو آگ بہت ہی نرم کر دیں ورنہ سارے تیل کو آگ لگنے کا خدشہ ہوگا۔ جب دھواں موقوف ہو جائے تو اتار لیں۔ سب ادویات مع ادویات نکال کر شیشے کے مرتبان میں رکھ لیں۔

طریقہ استعمال: مباشرت سے پرہیز کے ساتھ سات دن لگائیں پھر پانچ دن ناغہ کریں۔ پھر سات دن لگائیں اور دو دن کا ناغہ کریں۔ اس کے بعد مشغول ہو سکتے ہیں۔ تازندگی دوبارہ دوا کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔

اکسیرِ سوزاک وانفیکشن

بارہا کا مجرب

رسکپور 6 گرام، نیلا 6 گرام دونوں کا سفوف بنالیں اور ایک پاؤ پھٹکڑی کے سفوف کے درمیان کوزہ میں گل حکمت کر کے سات سے آٹھ کلو کی آگ دیں۔ کوزہ سے جو کچھ بھی برآمد ہوا سے اچھی طرح کھرل کریں۔ اب صدف 50 گرام کو برگِ نیم 250 گرام کے نغدہ میں رکھ کر بیس کلو کی
آگ سے کشتہ کر لیں۔ اب دونوں کشتہ جات کو باہم ملالیں اور 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح وشام پانی کے ساتھ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔

فوائد: چند خوراکوں سے ہی سوزاک کا خاتمہ ہوگا۔ایک ماہ کا مکمل کورس ہے۔ پرانے سے پرانے سوزاک کا آخری علاج ہے۔کئی بار کا مجرب ہے۔اس علاوہ پس سیل چند خوراکوں سے ہی ختم ہوجاتے ہیں۔ پیشاب اور پیشاب کی نالی کی ہر طرح کی انفیکشن، درد، جلن اور زخموں کے لئے انتہائی مفید ہے۔

کشتہ کچلہ شنگرف والا

یہ نسخہ قوتِ باہ اور خاص طور پر اعصابی کمزوری، پٹھوں کی کمزوری کے لئے واقعی عجیب الاثر ہے۔

☆☆☆

کچلہ **200** گرام، شنگرف **20** گرام، دیسی گھی **1** کلوگرام۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے گھی کو کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔اس میں شنگرف باریک پیس کر ڈالدیں۔کم از کم **20** منٹ تک اس کو نرم آنچ پر پکائیں۔پھر اس میں کچلہ ڈالدیں۔جب کچلہ بریاں ہوکر سرخ ہوجائے تو کچھ دیر آگ تیز کر کے کڑاہی آگ سے اتارلیں۔ٹھنڈا ہونے پر کچلہ نکال کر خشک کر کے پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

نوٹ: اسمیں پتہ وغیرہ نہیں ہوگا جو کچھ برآمد ہوگا پیس لیں۔

مقدار خوراک: بقدر چوتھائی چاول تا نصف چاول تک بعد از غذا ہمراہ مکھن یا بالائی۔ دودھ گھی کا بکثرت استعمال کریں۔سات دن کا استعمال کافی ہے۔

27 کشتہ چاندی پارہ مرجان جواہر دار

یہ کشتہ گرمی کے مارے نامردوں کیلئے اکسیر صفت ہے۔ جریان، احتلام، ذکاوتِ حس کو بہت مفید ہے۔ مجلوق جس نے اپنے ہاتھوں سے کئی سال تک اپنے ساتھ ظلم کیا ہو اس کے لئے یہ اکیلا نسخہ ہی انشاء اللہ مریض کے لئے آبِ حیات کا کام کرتا ہے۔ مقوی معدہ، مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

☆☆☆

برادہ چاندی 10 گرام، شاخ مرجان 10 گرام، پارہ 24 گرام، کیکر کی کونپلوں کا پانی 800ml۔

ترکیب تیاری: برادہ چاندی میں پارہ 3 گرام ملا کر کیکر کی کونپلکے پانی 100ml میں کھرل کریں۔ ٹکی بنا کر کیکر کی کونپلوں کے نغدہ میں رکھ کر دو کلو کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ 3 گرام پارہ ملا کر 100ml کونپلوں والے پانی سے کھرل کر کے ٹکی بنا کر کونپلوں کے نغدہ میں رکھ کر دو کلو کی آگ دیں۔ اسی طرح ہر بار 3 گرام پارہ اور 100ml آب کونپل کیکر ڈالتے جائیں اور دو کلو کی آگ دیتے جائیں۔ ٹوٹل آٹھ عمل ہونگے اور 24 گرام پارہ استعمال ہوگا۔ آٹھ عمل کے بعد کشتہ تیار ہوگا۔ اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: بقدر 2 چاول مکھن 50 گرام میں استعمال کریں۔ 15 دن کا استعمال کافی ہوگا۔

27 برائے ایزوسپرمیا و کمی سپرم

ہمارے مجربات میں یہ واحد نسخہ ہے جو منی میں کرم پیدا کرتا ہے اور کبھی خطا نہیں گیا۔ آخری نسخہ کے طور پر ہم اسے استعمال کرواتے ہیں۔ فوائد اتنے ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ حکماء حضرات کے لئے خاص تحفہ حاضر ہے۔

بکرے کے خُصیئے 2 عدد لیکر جھلی دور کر کے قیمہ بنالیں۔ اس میں برابر وزن مصری ڈال لیں۔ ایک دیگچی میں پانی ڈالیں اوپر ڈھکنا دیکر لبوں کو اچھی طرح بند کر دیں اور مواد کو اچھی طرح ڈھکنے پر پھلا دیں نیچے آگ جلائیں چمچ یا چُھری سے اچھی طرح ہلاتے رہیں کہ نیچے نہ لگے۔ جب خشک ہو کر سفوف بن جائے تو اتار کر کھرل کریں۔ پھر اس میں ☆☆☆ کشتہ فولاد 20 گرام، کشتہ قلعی بھنگ والا 20 گرام، کشتہ مروارید 20 گرام، کشتہ صدف صادق 20 گرام، کشتہ مرجان 20 گرام، کشتہ عقیق 20 گرام ملا کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک: 3 گرام دودھ کے ساتھ سردیوں میں نیمگرم دودھ اور گرمیوں میں ٹھنڈے دودھ کے ساتھ دیں۔

فوائد: اگر جراثیم 15 فیصد ہوں تو دس سے بارہ دن میں پورے ہو جائیں گے۔ اگر سپرم بالکل مُردہ ہوں تو 21 دن میں مریض قابلِ اولاد ہو گا۔

جوڑوں کا درد، نقرس

27

آجکل جوان کیا، بوڑھا کیا ایک کثیر تعداد لوگوں کی اس مرض میں مبتلا ہے۔

خواہ ریحی درد ہو یا سوداوی یا بلغمی، ہر ایک پر تیر بہدف دوا ہے جو صرف چند دنوں میں مرض کا قلع قمع کر دیتا ہے۔ مگر رزلٹ تب ملیں گے جب اجزاء بالکل خالص اور صاف ستھرے ہونگے۔

☆☆☆ تخم حرمل 120 گرام، شیر بھیڑ میں تین بار تر اور خشک کریں۔ ہیرا ہینگ 60 گرام ملا کر خوب کوٹائی کریں۔ کم از کم 2 گھنٹہ کوٹائی کریں۔ منقیٰ کے ساتھ گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ نیمگرم کے ساتھ دیں۔

اکسیرِ شفاء

گھمبیر، ناسور، بھگندر، چنبل، داد، اختناق الرحم، آتشک اور خرابی خون کا آخری سنیاسی نسخہ پیشِ خدمت ہے۔ آزمائش شدہ ہے۔

☆☆☆ آب حنظل 4 کلو، جمالگوٹہ 1 کلو، رسکپور عمدہ 30 گرام۔

ترکیب تیاری: ایک آہنی کڑاہی لے کر اسمیں ایک ایک پاؤ جمالگوٹہ کے نغدہ میں رسکپور رکھ کر اس کے اوپر ایک کلو آبِ حنظل ڈالیں اور کڑاہی کے نیچے آگ جلائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے اور جمالگوٹہ بھی سڑ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر رسکپور نکال کر دوسرا عمل حسب سابق ایک پاؤ نغدہ جمالگوٹہ اور 1 کلو آبِ حنظل میں دہرائیں۔ اس طرح چار عمل دہرائیں۔ ٹوٹل ایک

27

کلو جما لگوٹہ اور 4 کلو آبِ حنظل استعمال ہوگا۔

مقدار خوراک: بقدر دانہ خشخاش کے مکھن، بالائی، منقیٰ وغیرہ میں رکھ کر صبح نہار منہ استعمال کروائیں اور قدرتِ خداوندی کا ملاحظہ کریں۔ (حد سات دن تک)

دیگر نسخہ و ترکیب استعمال: مذکورہ کشتہ رسکپور 3 گرام، سفوف چوب چینی کپڑ چھان 250 گرام۔ دونوں کو اچھی طرح کھرل کر لیں۔

مقدار خوراک: 3 گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔

فوائد: عورتوں میں آجکل مسئلہ پایا جاتا ہے کہ چیسٹ میں گلٹیاں، رسولیاں۔ جس کی وجہ سے بہت ہی پریشانی ہوتی ہے۔ یہ نسخہ بارہ سے پندرہ دن میں جتنی بھی چیسٹ میں گلٹیاں، رسولیاں ہوں انکو بالکل ختم کر دیتا ہے۔ باقی جسم میں بھی کہیں بھی گلٹیاں، رسولیاں ہوں یا رحم میں رسولی ہو سب پر اس کے رزلٹ اکسیری ہیں۔ اس کا مزید بے خطا رزلٹ گینٹھیا پر بھی ملے گا صرف ایک ہفتہ میں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم ضرار احمد فیصل آباد

0332-7274299

نسخہ امساک

داڑھی بوہڑ 1 کلو، دھتورا پورا پودا 1 کلو، مدار پورا پودا (ٹہنیاں، پتے، پھول، جڑ مکمل پودا) 1 کلو۔

ترکیب تیاری: 12 تا 13 کلو پانی میں سب کچھ کوٹ کر ڈال دیں اور بطریق معروف رُب تیار کریں۔

عقر قرحا 50 گرام، موچرس 50 گرام، خولنجاں 50 گرام، نر چھوہارا 375 گرام سب کو کوٹ چھان کر رُب میں ملائیں۔ اگر ہو سکے تو ملانے کے بعد ریش برگد اور دھتورہ ایک ایک کلو کا رُب تین بار بنا کر تین پُٹھ اور دے لیں تو ایک ایک گولی ایک ماہ کے مصادق ہوگا۔ کیونکہ میں نے دو پُٹھ دیئے تو رزلٹ بہت بہتر ہو گیا۔ گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک: 1 گولی دن میں صرف ایک بار ہمراہ پانی، چائے، دودھ جو مل جائے دیں۔

فوائد: اگر تُرش اور فرائی چیزوں سے پرہیز کے ساتھ دس دن کھالیں تو سُرعت، جریان اور احتلام کو بھی درست کرے گی۔

احتیاط: ان کا رُب بناتے ہوئے دھویں سے بچیں ورنہ پورا دن شدید چکر آتے رہیں

گے اور ساتھ قے بھی بہت آتی ہے۔ چکر اتنے آتے ہیں کہ جیسے سپنر میں ڈال کر گھما یا جا 27 رہا ہے۔ بس

سپرم بڑھانا، کروموسومزا ایکٹو کرنا

ایک کافی پرانا نسخہ ہے جو نہ صرف مادہ منویہ بڑھاتا ہے بلکہ سپرم بھی بڑھاتا ہے اور ساتھ Y کروموسومز کو ایکٹو کرتا ہے۔ جس آدمی کی اولاد کمزور رہتی ہو جو کہ اکثر کزن میرج میں ہوتا ہے، اس صورت میں شوہر اگر 30 دن یہ دوا
کھالے تو صحبت کرتے بھی نہیں تھکے گا بلکہ اللہ تعالیٰ نرینہ اولاد دے گا۔ انشاء اللہ جو پہلی اولاد سے زیادہ پیارہ ہوگا اور الگ نظر آئے گا۔
ثعلب مصری 50 گرام، ثعلب پنجہ 50 گرام، موصلی سفید انڈین 100 گرام، تخم ریحان 100 گرام، تخم لاجونتی 100 گرام۔ چھلکا اسبغول 100 گرام۔
معروف طریق سے باریک سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک: 1، 1 چمچ ہمراہ دودھ شہد دیں۔ بعض بندوں کو 20 دن بعد ہلکا ساز کام لگ جاتا ہے اور تھوک ایسا ہو جاتا ہے جیسے گوند حل کیا ہو۔ سمجھ لیں کہ خزانہ منی لبالب بھر گیا ہے۔ پھر چوبیس گھنٹوں میں 9 بار بھی مباشرت کرے تو کمزوری اور تھکاوٹ نہیں ہوگی۔

حبِ ممسک

افیون، زعفران، دارچینی، دانہ الائچی خورد ہر ایک ہموزن۔ اگر افیون خالص ہو تو کم مقدار میں ڈالی جاسکتی ہے۔ شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی وقت خاص سے

ایک گھنٹہ قبل۔

27

نوٹ: پہلے ایک گولی خود کھا کر چیک کر لیں کہ دوا کی شدت کو مدنظر رکھ کر گولی کی مقدار کو ایڈ جسٹ کیا جاسکے۔انتہائی ممسک دوا ہے۔

مصفی خاص

ترکیب تیاری روح توتیا: نیلا ICI کمپنی کا، جست میٹل ہر ایک 250 گرام، بارش کا پانی 3 لٹر۔

پہلے پانی کو کسی پلاسٹک یا شیشے کے برتن میں ڈالیں۔پھر اس میں دونوں چیزیں ڈالدیں کیمیائی عمل شروع ہوگا۔دن میں دو تین بار ہلاتے رہیں۔بیس دن تک ہلاتے رہیں۔پھر اس کا مقطر لیکر ہلکی آگ پر خشک کر لیں۔کافی مواد ملے گا۔اس کو باریک پیس لیں۔یہ روح توتیا ہے۔

اب یہ روح توتیا 3 گرام، کشتہ جست 12 گرام۔دونوں کو کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو چاول تک ہمراہ دودھ مکھن دیں۔

فوائد: ہٹیلے زخم، دانتوں یا منہ کے زخم کیلئے تریاق ہے۔انشاء اللہ پہلے دن پہلی خوراک سے اثر دکھانے والی دوا ہے۔بعض اوقات جریان مذی کو بھی ختم کرتا ہے۔قوتِ مدافعت کو بھی بڑھاتا ہے۔سوزاک کے مریضوں کی منی میں پس سیلز زیادہ ہوں تو اس کو استعمال کرواتا ہوں۔

27

حکیم شاہد محمود سیفی فیصل آباد

0345-7917482

اعصابی کمزوری

زعفران 50 گرام، غاریقون 50 گرام، جند بیدستر 50 گرام، جدوار 50 گرام، عودصلیب 50 گرام، ہیراہینگ 50 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کا باریک سفوف کریں اور شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں بقدر نخود۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام دیں۔ عضلاتی مریضوں کو دودھ کے ساتھ، اعصابی مریضوں کو چائے کے ساتھ۔

فوائد: اعصابی درد، اعصابی کمزوری، پٹھوں کا درد، پنڈلیوں کے درد میں بہت مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆

نوٹ: نئے حکماء اکرام اور موجودہ حکماء اکرام کے مزید مجربات اس کتاب میں شامل کئے جارہے ہیں۔ بہت جلد نیاء ایڈیشن آرہا ہے۔

حکیم اُلفت محمود المعروف بابا قبولہ شریف 27

0300-7538700

برائے وقتی امساک وانتشار

☆☆☆طوفان میل☆☆☆

ہیرا ہینگ خالص **10** گرام، سلاجیت خالص **10** گرام، افیون خالص **10** گرام۔

ترکیب: تمام ادویہ کو اچھی طرح کھرل کر کے چھوٹے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار وطریقہ استعمال: ایک گولی وقت خاص سے دو گھنٹے قبل گرم دودھ کے ساتھ۔

برائے خونی پیچش

مروڑ پھلی، ہلیلہ سیاہ بریاں، سونف تمام ہموزن۔

سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: آدھا چمچ تین ٹائم چینی کے شربت کے ساتھ۔ ابلے ہوئے چاولوں پر دہی یا دودھ ڈال کر کھانا ہے۔

فوائد: تین یا چار خوراکوں میں پرانے سے پرانے پیچش ختم کرتی ہے۔

چھینکیں الرجی

تخم جوز ماثل، مرچ سیاہ، گیرو، گوند کیکر تمام دوائیں ہموزن لیکر کالی مرچ کے برابر گولیاں

27

بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ چائے۔

برائے گینگرین

کشتہ چاندی 10 گرام، مغز کرنجوا 50 گرام۔

کرنجوا کا مغز حاصل کرلیں۔ اس کو نہایت باریک پیس لیں۔ پھر اس میں کشتہ چاندی شامل کرکے 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

استعمال: روزانہ ایک بار دہی کی لسی کے ساتھ دیں۔

زخم پر لگانے کے لئے مرہم

مردہ سنگ 10 گرام، جست پھلا 10 گرام، رال سفید 10 گرام، کافور 5 گرام، ویزلین 100 گرام، گلیسرین 20 گرام۔

طریقہ استعمال: ہر دو دن بعد پٹی بدلنی ہے اور زخم کو زیادہ دیر کھلا نہیں چھوڑنا۔

اعصابی دردیں ولو بلڈ پریشر

پتری فولاد، عود صلیب، کچلہ مدبر، جدوار خطائی ہموزن لیں۔

مقدار خوراک: 250 ملی گرام صبح وشام دودھ پتی سے دیں۔

فوائد: پہلی خوراک ہی کام کرے گی، میتھی کوبال انجکشن سے تیز اثر ہے۔

اعصابی وریحائی دردوں کے لئے

کچلہ مدبر 50 گرام، مگھاں 25 گرام، مرچ سیاہ 25 گرام، گوند کیکر 25 گرام۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح وشام نیمگرم دودھ سے۔

27

فوائد: ہر قسم کے درد، ٹھنڈ کی وجہ سے پسلیوں میں درد، پیشاب کی زیادتی، کمزوری معدہ کی وجہ سے موشن کا مجرب علاج ہے۔

خون سٹاپ

کشتہ خرمہرہ 50 گرام، سرمہ سفید 100 گرام، مشک کافور 1 ٹکی۔

خون سٹاپ

کشتہ خرمہرہ 50 گرام، سرمہ سفید 100 گرام، مشک کافور 1 ٹکی۔

ترلیب تیاری: پہلے سُرمہ کھرل کر کے مانند ٹیلکم پاوڈر بنالیں۔ پھر کشتہ خرمہرہ اور ٹکی کافور ملا کر کھرل کریں۔

مقدار واستعمال: 500 ملی گرام، صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انجبار یا قہوہ سے دیں۔

فوائد: کثرتِ حیض ہو یا بواسیر کا خون حد تیسری خوراک سے بند ہو جاتا ہے۔ پانچ دن کا ستعمال کافی ہے۔

سفوف ٹھنڈک

کشنیز خشک 100 گرام، طباشیر نقرہ 50 گرام، کوزہ مصری 100 گرام۔

تمام کا باریک سفوف بنالیں۔

مقدار: آدھا چمچ تازہ پانی کے ساتھ صبح وشام۔

فوائد: ہاتھ پاؤں کی جلن، معدہ کی جلن، دل کی گھبراہٹ، جریان، احتلام، تقطیر البول تمام

امراض کی لاجواب دوا ہے۔

27

برائے محرقہ، ٹائیفائیڈ

گاؤدنتی **250** گرام، پھٹکڑی سفید **250** گرام، اجوائن دیسی **250** گرام، نوشادر ٹھیکری **250** گرام، گُودا کنوار **250** گرام۔

ترکیب: گئودنتی کے علاوہ سب چیزوں کا نغدہ بنا کر درمیان میں گئودنتی رکھ کر گل حکمت کر کے **20** کلو کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر گئودنتی نکال کر پیس لیں۔

مقدار: **500** ملی گرام صبح، دوپہر، شام چائے کے ساتھ دیں۔ چار دن تک صرف گندم کا دلیہ کھانا ہے۔ تیسرے دن بخار اتر جائے گا چاہے دس سال پرانا بخار ہو۔ چار دن تک پرہیز لازمی ہے۔

برائے اٹھرا

سونف، اجوائن، چرائتہ، شاہترہ، پنیر ڈوڈی، ملکودانہ، افسنتین، گلوخشک، مُنڈی بوٹی، دھمانسہ، گُل سرخ، تخم کاسنی ہر ایک **10** گرام۔ سفوف بنا کر بارہ خوراکیں بنا لیں۔

طریقہ استعمال: ایک خوراک کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کپڑے سے پُن کر پی لیں۔ پھوک کو دوبارہ بھگو دیں۔ اسی طرح روزانہ دوا پینی ہے۔ مریضہ کو آدھا کلو دودھ روزانہ دینا ہے۔

فوائد: اٹھرا اور رحم کے جملہ امراض کا شافی و مکمل علاج ہے۔

27

دردگردہ

طباشیر نُقرہ، جوکھار، قلمی شورہ، میگنیشیا سالٹ تمام اجزاء برابر وزن کا سفوف بنالیں۔
استعمال: آدھی چمچ کچی لسی سے انشاءاللہ انجکشن سے پہلے درد رک جائے گی۔

سوزشِ معدہ وامعاء

جَوکھار، قلمی شورہ، مکودانہ، کباب چینی ہر دو برابر وزن۔ سب کا سفوف بنالیں۔
استعمال: 3 تا 5 گرام تین بار روزانہ کچی لسّی سے دیں۔ کھانے میں دلیہ، کھچڑی، ساگودانہ، کسٹرڈ دیں۔ اگر رزلٹ مزید بہتر کرنا ہے تو دواخانہ اجمل کا شربت سیکو دو دو چمچ دیں۔

ہیپاٹائیٹس سی

ہیرا کسیس 250 گرام، پھٹکڑی سفید 250 گرام۔
ترکیب: دونوں کو باریک کر کے گل حکمت کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال لیں۔ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار: 250 ملی گرام (دورتی) صبح خالی پیٹ دہی کی لسی کے ساتھ، اگر سردیاں ہوں تو دودھ نیگرم کے ساتھ دیں۔ اس کے ساتھ درج ذیل دوا دیں:

جدوار خطائی، عودصلیب، پتری فولاد، کچلہ مدبر تمام ہموزن۔

مقدار واستعمال: رات کو سوتے وقت 250 ملی گرام نیمگرم دودھ کے ساتھ دیں۔
فوائد: ایک سے ڈیڑھ ماہ میں بفضلِ خدا رپورٹ نیگٹو ہوگی۔

27

حکیم مدثر چٹھہ صاحب فیصل آباد

0300-7914376

رطبی (BS1)

ہلدی، ملٹھی، قُسط شیریں ہرایک 100 گرام، نمک مدار 30 گرام۔
تمام کو مثل غبار بنا کر 250 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح، دوپہر، شام دیں۔
فوائد: رطوبت کے اصول پر فوری خون بند کرتا ہے۔ عضلاتی اور غدی عضلاتی عوارضات میں تریاق ہے۔ ٹانسلز، کھانسی، بخار، بواسیری خون کو روکنے میں بالخاصہ نافع ہے۔

اکسیر برقی حار

فلفل سیاہ، گندھک آملہ سار، نوشادر ٹھیکری ہرایک 100 گرام، ورقیہ 30 گرام۔
تمام کا کپڑ چھان سفوف بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔
مقدار خوراک: ایک ایک کیپسول صبح وشام یا حسب موقع دیں۔
فوائد: مزاج گرم تر ہے۔ سوداوی عوارضات، گلٹیاں، رسولیاں، وریدوں شریانوں کی چربی تحلیل کرنے میں مستعمل ہے۔

27

قشری نمک

مٹھا سوڈا، فلفل سیاہ، سیندھا نمک تمام اجزاء ہموزن۔
سفوف بنا کر 500 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔
فوائد: خام بلغم بننے کے عمل کو روکتا ہے۔ فضلات کے اخراج میں بہترین مجرب ہے۔
مزاجاً گرم تر ہے۔

ریاح شکن

اجوائن دیسی، مٹھا سوڈا برابر وزن۔
مقدار خوراک: ایک گرام سفوف دن میں تین بار دیں۔ فوری موثر ریاح شکن ہے۔ درد معدہ وامعاء میں نافع اور مدر بول ہے۔

حنظل نوشادری

حنظل سفوف 100 گرام، نوشادر 50 گرام، نمک سیاہ 50 گرام۔
تمام کا کپڑ چھان سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح، دوپہر، شام دیں۔
فوائد: سوداوی غلیظ مادوں کو خارج کرنے میں مجرّب ہے۔

رُبِ منّوم

اسرول 250 گرام، نوشادر ٹھیکری 250 گرام۔
اسرول کا جوشاندہ تیار کر کے اس میں نوشادر ڈال کر ہلکی آنچ پر خشک کر لیں۔

مقدار و فوائد: 250 ملی گرام صبح دوپہر شام دیں۔ ہائی بلڈ پریشر اور بے خوابی میں دیں۔

اکسیر برقی حار

فلفل سیاہ 1 کلو، ہلدی 500 گرام، نوشادر 400 گرام، ورقیہ 100 گرام۔

ترکیب: فلفل، ہلدی اور نوشادر کو الگ الگ کپڑ چھان کر لیں۔ اب ہڑتال کو 5 گھنٹہ کھرل کر کے مانند غبار کر لیں۔ پھر باقی ادویہ بمطابق اوزان ڈال کر اتنا کھرل کریں کی یکجان ہو جائیں۔ پانی کی مدد سے 500 ملی گرام کی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی دیں۔

فوائد: مولد حرارت غریزیہ، محلل سلعات، کولیسٹرول، ٹرائی گلیسرائیڈ، کارونری ڈیزیز میں بے حد مفید ہے۔

جوڑوں کی سوجن، خالی پن کی آوازیں

برگِ مدار خشک 100 گرام، فلفل سیاہ 100 گرام، زنجبیل 100 گرام۔

تمام کو اچھی طرح پاؤڈر کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: 125، 250، 500، 1000 ملی گرام حسب موقع دیں۔

فوائد: کمال رزلٹڈ نسخہ ہے۔ میں نے 20 سالوں میں کوئی اس جیسی ایلوپیتھک دوا نہیں دیکھی۔ جوڑوں کی سوجن، خالی پن میں بے حد مفید ہے۔ (حکیم مدثر چٹھہ)

روغن اکسیر

روغن بادام 50 ملی لٹر، روغن زیتون 50 ملی لٹر، روغن کدو 50 ملی لٹر، روغن اخروٹ

27

15 ملی لٹر، روغن کلونجی 15 ملی لٹر۔تمام روغن باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: دو قطرے دودھ میں حل کر کے دن میں ایک بار دیں۔

فوائد: یہ نسخہ قوتِ مدافعت اور عمومی جسمانی قوت کی بحالی کے سلسہ میں آپ کو سر سے پاؤں تک خوش کر دے گا۔

ترکیب ثانی: مغز بادام 500 گرام، مغز کدو 500 گرام، روغن زیتون 250 گرام، کلونجی 150 گرام، مغز اخروٹ 150 گرام۔تمام اجزاء باہم ملا کر مشین سے روغن نکلوالیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم مہر راشد سیال خانیوال

0343-7561639

حبِ اذراقی بیش والی

اذراقی مدبر در آبِ ادرک اور آبِ گھیکوار والا 50 گرام، میٹھا تیلیہ مدبر در شِیر 50 گرام، اسگندھ ناگوری 50 گرام، سورنجاں شیریں 50 گرام، تخم حرمل 50 گرام، گوگل خالص مصفیٰ 50 گرام، فلفل سیاہ 50 گرام، مصبر سیاہ 50 گرام، آب کنوار گندل 250 گرام۔

تمام ادویہ کا باریک سفوف بنا کر آب کنوار گندل میں کھرل کر کے فلفل سیاہ سے ذرا بڑی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولیاں تین بار کھانے کے بعد دودھ کیساتھ دیں۔

فوائد: اعصابی کمزوری، اعصابی درد، ریح و بادی درد، کمر درد، جوڑ درد، فالج، لقوہ کیلئے بہت ہی مفید لاجواب اعلیٰ مجرب ترین دوا ہے۔

کشتہ بارہ سنگھا سم الفار والا

بارہ سنگھا 20 گرام، سم الفار 1 گرام، شیر مدار 20 گرام، برگ مدار 50 عدد۔

ترکیب تیاری: بارا سنگھا کو برادہ کرلیں۔ اسکو سم الفار اور شیر مدار میں کھرل کریں۔ ٹکیہ بنا کر اچھی طرح خشک کرلیں۔ 50 عدد برگِ مدار کا نغدہ بنا کر اس میں ٹکی رکھ کر کپڑ وٹی

کر کے 25 کلو اوپلوں کی آگ دے دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک: تین چاول ہمراہ مکھن بعد از غذا دیں۔

فوائد: کالی کھانسی، ضیق النفس، ذات الجنب کیلئے تریاق ہے۔

قادری منجن

لونگ 10 گرام، مرچ سیاہ 10 گرام، مازو 50 گرام، مائیں خورد 50 گرام، کتھہ پھول 50 گرام، نمک خوردنی 50 گرام، سوڈا بائیکارب 50 گرام، سک کیکر 50 گرام، نسپال 50 گرام، سمندر جھاگ 50 گرام، پھٹکڑی سفید بریاں 100 گرام، بھاٹا 250 گرام، ست اجوائن 3 گرام، ست پودینہ 3 گرام۔

تمام اجزاء کپڑ چھان کر لیں۔ آخر میں ست شامل کریں۔ بطورِ منجن استعمال کریں۔

فوائد: دانتوں کا درد، داڑھ درد، پائیوریا، مسوڑھوں سے خون آنا، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کا پیلا پن، ٹھنڈا گرم لگنا، الغرض مسلسل استعمال سے دانتوں کے تمام مسائل سے نجات دلا کر دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ بنائیں، آزمائیں اور دعاؤں میں یاد رکھنا۔

حبِ رعشہ خاص

کشتہ شنگرف عمدہ 10 گرام، جواہر مہرہ سلیمانی 3 گرام، زعفران 3 گرام، دارچینی 5 گرام، مغز جائفل 5 گرام، جلوتری 5 گرام، الائچی کلاں دانہ 5 گرام، فلفل سیاہ 5 گرام، فلفل دراز 5 گرام، زردی بیضہ مرغ دیسی خام 5 عدد۔

ترکیب تیاری: زعفران باریک پیس کر تمام دواؤں کا باریک ترین سفوف بنا کر اس میں شامل کریں۔ زردی بیضہ میں تمام ادویہ ڈال کر خوب کھرل کریں اور خشک ہونے پر

فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

27

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ 15 دن تک دیں۔

فوائد: رعشہ، کپکپاہٹ کو ختم کرتی ہے۔ بہترین مقوی باہ اور مقوی اعصاب ہے۔ فالج، لقوہ کیلئے بھی مجرب ہے۔

حب بواسیر سیالوی

ناگ کیسر 50 گرام، مغز تخم نیم 50 گرام، تخم بکائن 50 گرام، پوست ریٹھا 100 گرام، رسونت انڈیا 200 گرام، کافور 10 گرام، آبِ مولی 2 کلو۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک کر کے آبِ مولی میں شامل کریں اور ہلکی آنچ پر پکائیں۔ ساتھ ساتھ ہلاتے رہیں۔ جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو اُتار لیں۔ اب دھوپ میں خشک کریں۔ گولی بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی تین بار بعد از غذا پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: ریحی، خونی، بادی، موہکوں والی بواسیر کیلئے مجرب المجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم محمد اسلم صاحب فیصل آباد

0300-7962730

حبِ اٹھرا

چاکسو 80 گرام، مرچ سیاہ 40 گرام، نرکچور 20 گرام، مروارید صلایہ 3 گرام، مویز منقیٰ 5 دانہ۔

تمام اجزاء کو باریک پیس کر منقیٰ کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام نو ماہ تک کھلائیں۔

عرق خاص

گل سرخ، سوئے، اجوائن، الائچی کلاں، پودینہ، سونف، کلونجی ہر ایک 50 گرام۔

ترکیب تیاری: معروف طریقے سے دو کلو عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک وفوائد: دو تا چار چمچ صبح وشام دیں۔ کولیسٹرول، ٹرائی گلیسرائیڈ، اپھارہ اور بدہضمی کیلئے بہت مفید ہے۔

سرعت انزال

زعفران 1 گرام، افیون 1 گرام، مغز تمر ہندی کلاں 10 گرام۔

اچھی طرح پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح وشام لعاب اسبغول سالم سے دیں۔

فوائد: بڑے بڑے قیمتی نسخوں کو اس نے شکست دے دی ہے۔

27

روغن مبارک

میتھرے، کلونجی۔ بذریعہ پتال جنتر روغن نکالیں

استعمال: متاثرہ اعضاء پر لگائیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، وجع المفاصل، عرق النساء کیلئے مفید ہے۔

معین حمل

کشتہ سنکھ، داڑھی پیپل، ہرڑ زرد، تخم شونگی تمام ہموزن۔

ترکیب: 3 رتی (375 ملی گرام) صبح، دوپہر، شام گائے کے دودھ کے ساتھ۔

فوائد: حمل قرار پانے کیلئے مفید ہے۔

جریان

1۔ کشتہ قلعی 10 گرام، موصلی سفید 20 گرام، بیج بند 20 گرام، گوند کیکر 20 گرام۔ تمام دواؤں کا باریک سفوف کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام دیں۔

2۔ سنڈھ، نوشادر، کالی مرچ ہموزن سفوف کر کے 250 ملی گرام کے کیپسول صبح وشام دیں۔

نوٹ: مندرجہ بالا دونوں دوائیں اکٹھی شروع کروائیں۔ جریان کے لئے کسی اور دوا کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

27

حکیم ریاض احمد ننکانہ صاحب

0300-4709985

امساک،انتشار،سُرعت

جُند بیدستر،عقرقرحا،ریگ ماہی ہرایک 10 گرام،زعفران 3 گرام،افیون 5 گرام۔

تمام کاسفوف بنا کرنخودی گولیاں بنالیں۔

مقداروا ستعمال:ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ۔

سفوف برائے نفث الدم

بھاٹہ،گیری،نسپال،انجبارہموزن لیکرسفوف بنالیں۔

مقدارا:آدھی چمچ صبح وشام ہمراہ شربت انجباردیں۔

جریان واحتلام

مغزتخم املی کلاں 40 گرام،مغزکرنجوہ 40 گرام،تخم جوزماثل 10 گرام۔

تمام کاسفوف بنا کرچنے برابرگولیاں بنالیں۔

مقداروفوائد:ایک گولی صبح وایک گولی شام دیں۔جریان اوراحتلام جوکسی بھی دوائی سے ٹھیک نہ ہوتاہووہ اس سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔

27

اکسیر جگر

قلمی شورہ، مکودانہ، بالچھڑ، ریوند چینی، ریوند خطائی، نوشادر۔ ہر دوا ہموزن لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام۔ صبح وشام

فوائد: ہیپاٹائٹس، جگر کی سوزش کیلئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم خالد محمود صاحب گوجرانوالا

0300-7455340

معجون مغلظ عادلی

موصلی سفید 50 گرام، ثعلب مصری 50 گرام، مغز پنبہ دانہ 50 گرام، تالمکھانہ 50 گرام، گوند کتیرا 50 گرام، تخم کونچ 50 گرام، تخم اوٹنگن 50 گرام، آرد سنگھاڑا 50 گرام، کشتہ قلعی بھنگ والا 10 گرام، ورق چاندی 1 گرام۔

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کا سفوف بنا کر دو گُنا شہد ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: 5 گرام صبح و شام گائے کے دودھ کیساتھ خالی پیٹ دیں۔

فوائد: سیمن کی مقدار بڑھاتی ہے۔ بے حد مغلظ ہے۔

اکسیر نمبر 1

کشتہ قلعی 10 گرام، کشتہ چاندی 10 گرام، طباشیر 25 گرام، الائچی کلاں 25 گرام۔

ترکیب تیاری: الائچی کو سفوف کریں پھر طباشیر کو سفوف کریں۔ اب کشتہ جات ملا لیں۔

مقدار خوراک: 125 تا 250 ملی گرام صبح و شام خالی پیٹ دیں۔

فوائد: صفرا کی زیادتی سے مردانہ کمزوری اور سُرعت انزال کیلئے مفید ہے۔

27

معین حمل

مغز بنولہ حسبِ ضرورت سفوفاً دو گرام صبح و شام خالی پیٹ گائے کے دودھ کے ساتھ دیں۔

فوائد: جب مرد اور عورت کی رپورٹس کلیئر ہوں اور اولاد نہ ہو رہی ہو تو یہ دوا عورت کو دینے سے حمل ہو جاتا ہے۔

پس سیل

ہلدی 50 گرام، ملٹھی 50 گرام، سونف 50 گرام، مٹھا سوڈا 50 گرام، گلوکوز 200 گرام، چھلکا اسبغول 200 گرام، الائچی سبز 20 گرام، ست پودینہ 10 گرام۔

ترکیب: تمام کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گرام صبح و شام دیں۔

فوائد: السر معدہ، معدہ کی سوزش و درد کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

27

حکیم افضل رائے چو چک اوکاڑہ

0345-4759114

اکسیرِ گردہ

نوشادر 100 گرام، قلمی شورہ 100 گرام، بھلاوہ 4 عدد۔

ترکیب تیاری: نوشادر اور قلمی شورہ کو الگ الگ پاؤڈر کر لیں۔ ایک کوزہ میں نوشادر نیچے بچھائیں۔ اس کے اوپر قلمی شورہ اور اس کے اوپر بھلاوے رکھ دیں۔ اب اوپر قلمی شورہ اور پھر نوشادر بچھا کر کوزہ کے اوپر ڈھکن دے کر نیچے کانے کی آگ جلائیں۔ پہلے دھواں نکلے گا۔ جب دوائی سے دھواں نکلنا بند ہو جائے تو آگ بند کر کے دوائی اتار لیں۔ مذکورہ دوائی اور جوہر جو بھی برآمد ہو نکال کر یکجان کر کے باریک پیس لیں۔

مقدار و استعمال: ایک گرام دوا چائے سے دیں۔ چائے پتلی بنائیں۔

فوائد: درد گردہ کو فوری روکتی ہے۔ ریح گردہ، سوزش گردہ اور پتھری گردہ کیلئے مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کمپوزنگ

حکیم طارق عزیز چوھدری منڈی فیض آباد

0344-666,16,26

****

27

حکیم محمد یاسین کنگن پور

0306-7570812

حبِ اٹھرا

کچور 10 گرام، سرد چینی 10 گرام، الائچی خورد 10 گرام، چاکسو 50 گرام، دھمانسہ 250 گرام، تھوم مقشر 100 گرام۔ تمام دواؤں کا باریک سفوف بنا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

طریقہ استعمال: صبح خالی پیٹ پانی سے دیں۔ بچہ پیدا ہونے کے فوراً بعد شروع کروا کر پینتالیس (45) دن تک دیں۔

فوائد: اٹھرا کو مکمل ختم کرتی ہے۔ اگر بچہ میں اٹھرا ہو تو ماں کو دینے سے بچہ کا نیلا ہونا اور زہریلے اجزاء سے بچاتی ہے۔

حاملہ کے پیڑو کا درد اور بھاری پن

ہلدی 250 گرام، کالی مرچ 50 گرام، طباشیر 20 گرام۔ تمام کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح وشام دیں۔

فوائد: حاملہ کے پیڑو کے درد اور بھاری پن کو ختم کرتی ہے۔

اسقاطِ حمل

سونف 80 گرام، الائچی کلاں 20 گرام، سنگ جراح 20 گرام، گُل ببول 80

گرام۔تمام کا سفوف بنالیں۔

27

مقدار وطریقہ استعمال: ایک گرام روزانہ گائے کے دودھ کے ساتھ۔ پہلے ماہ، تیسرے ماہ، پانچویں ماہ، ساتویں ماہ دوا کھلائیں۔اس کے ساتھ درج ذیل نسخہ دیں۔

☆مروارید 1 گرام، کوئلہ پتھر 20 گرام، چینی 80 گرام۔تینوں کا فائن سفوف کر لیں۔

استعمال: ایک گرام صبح وشام ہمراہ دودھ گائے پہلے ماہ پندرہ دن دیں۔مجرب برائے اسقاط۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆

حکیم جاوید اقبال ملکہ ہانس

0301-7245535

اکسیرِ خاص

اسگندھ 20 گرام، سورنجاں شیریں 20 گرام، زنجبیل 20 گرام، نوشادر 10 گرام۔سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گرام صبح وشام دیں۔

فوائد: ریاحی دردوں، جوڑوں کے دردوں میں مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

27

حکیم سید تنویر شاہ صاحب جہلم

0333-5199749

سفوف مغلظ خاص معتدل

ثعلب مصری انڈین 100 گرام، موصلی سفید انڈین 100 گرام، موصلی سنبھل 100 گرام، مغز تخم تمر ہندی 150 گرام، ستاور 150 گرام، گوند کیکر بریاں 150 گرام، سمندر سوکھ 200 گرام، تالمکھانہ 200 گرام، تخم بھنگ 200 گرام، تل سفید 250 گرام، پوست چھوہارہ 350 گرام، چھلکا اسبغول 350 گرام۔

تمام اجزاء صاف ستھرے لیں۔ تمر ہندی کا مغز نکال کر وزن کریں، چھوہاروں کی گٹھلیاں دور کر کے وزن کریں۔ تمام اجزاء کو پیس کر ملا لیں۔

خواص وفوائد: مغلظ ومولد منی ہے۔ حرارت اور برودت کو اعتدال پر لے آتا ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ جراثیم منی کی پیدائش اس کے استعمال سے بڑھ جاتی ہے نیز کرم منی کی موٹیلٹی کی اوسط اس کے استعمال سے درست ہو جاتی ہے۔ مادہ منی کی نالیوں میں اور ٹیسٹیکلز کی انفیکشن دور ہو کر پس سیل دور ہو جاتے ہیں۔ مردانہ بانجھ پن بفضلِ خدا رفع ہو کر مرد اولاد پیدا کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ بارہا کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

سفوف ستیاناسی (مصفی اترین)

تخم ستیاناسی 250 گرام، کالی زیری 250 گرام، تخم تارا میرا 250 گرام۔ تمام

27

دواؤں کا باریک سفوف بنائیں۔

مقدار: ایک ایک گرام صبح وشام پانی سے دیں۔

فوائد: موہکے، گلٹیاں، ہارٹ بلاکیج، جوڑوں کے درد میں بیحد مفید ہے۔

☆☆☆ اضافہ شدہ نسخہ: درج بالا نسخہ میں پوست پھل دھریک 100 گرام، فلفل سیاہ 100 گرام کا اضافہ کر لیں۔

خواص وفوائد: عضلاتی امراض میں زبردست رزلٹ ملے گا۔ بہت اعلیٰ مصفی خون دوائی ہے اور درج ذیل امراض وعلامات کا بفضل خدا شافی علاج ثابت ہوتی ہے:
ہائی کولیسٹرول، وین بلاکیج، ویری کوس، بادی بواسیر، دائمی قبض، میٹھا زہرباد، یورک ایسڈ، کولیسٹرول بڑھ چکا ہو اس کی وجہ سے شریانوں میں فاسد مادوں کا انجماد ہو گیا ہو، دل کے والو بند ہو رہے ہوں ایک دو تین حتی کہ چوتھا والو بھی بند ہونے لگے تو اس سے انشاء اللہ ضرور ہی کھل جائے گا۔ عرق النساء، وجع المفاصل، تحجر المفاصل، کمر درد، موہروں کے درد، شوگر معدی کے لیے از حد مفید ہے۔ دانت یا داڑھ درد کو نافع ہے۔ کان کی پھنسیاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ نمونیا، دمہ یابس، بلڈ بلاکیج خواہ کہیں بھی ہو، خارش پھوڑے پھنسیاں اور چنونوں وکرم شکم کے لیے نہایت مفید دواء ہے۔ سرخی سوزش وسکن الرجی اور برص کو بہت نافع ہے۔ رسولیاں گلٹیاں غدد بد گوشت، چوہیاں مہاسے، مسے خواہ جسم میں کہیں بھی ہوں نابود ہو جاتے ہیں۔ کچھر الیاں، گوہانجنیاں، گلہڑ، ٹانسل انفیکشن کی علامات کے لیے نعمت سے کم نہیں۔ کانچ نکلنا، بھینس وغیرہ کو بھار پڑنا، آنکھوں کو آکسیجن پوری نہ ہونے کی وجہ سے نظر کی کمزوری پر بھی اچھے نتائج ملے ہیں۔ (ڈاکٹر سید تنویر حسین شاہ)۔